Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14
پیر، 9 ستمبر 2024ء، 4 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے
شمارہ 298

کسی کو فتنہ، فساد اور انتشار کی اجازت نہیں: عظمیٰ بخاری

عمران خان جلسوں سے نہیں، اپنے اعمال کا حساب دے کر ہی جیل سے باہر آسکتے ہیں، ہمیں جلسے سے نہیں پی ٹی آئی والوں کی کرتوتوں سے ڈر لگتا ہے

بانی پی ٹی آئی کو این آر او نہیں ملے گا، 9 مئی میرا یا مسلم لیگ (ن) کا ذاتی مسئلہ نہیں، ملکی سلامتی کے خلاف بغاوت ہے، 9 مئی کرنے اور کرانے والوں کو جواب دینا ہوگا، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ہمیں جلسے سے نہیں پی ٹی آئی والوں کی کرتوتوں سے ڈر لگتا ہے، عمران خان جلسوں سے نہیں بلکہ اپنے اعمال کا حساب دے کر ہی جیل سے باہر آسکتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کو این آر او نہیں ملے گا، 9 مئی میرا یا مسلم لیگ (ن) کا ذاتی مسئلہ نہیں، ملکی سلامتی کے خلاف بغاوت ہے، 9 مئی کرنے (بقیہ نمبر 35)

سی ٹی ڈی کی کارروائیاں، 6 دہشت گرد گرفتار

گرفتار دہشت گردوں میں بخت جمال، حمزہ آیت اللہ اور فیصل شامل

لاہور (اے ایف بی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے لاہور سمیت مختلف شہروں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس میں القاعدہ کے اہم رکن سمیت 6 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق لاہور سے گرفتار دہشت گردوں (بقیہ نمبر 34)

وزارت داخلہ کا موبائل، نیٹ بندش کی وجہ بتانے سے انکار

قومی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ معلومات فراہم نہیں کی جاسکتیں، وزارت داخلہ

اسلام آباد (اے ایف بی) وزارت داخلہ نے 8 فروری کو عام انتخابات کے موقع پر موبائل اور انٹرنیٹ بند کرنے کی وجوہات بتانے سے انکار کر دیا۔ وزارت داخلہ نے مذکورہ معلومات کو رائٹ ٹو انفارمیشن کے تحت کلاسیفائیڈ قرار دیتے ہوئے کہا کہ قومی سلامتی (بقیہ نمبر 36)

GovtofPunjabPK
@GovtofPunjabPK

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں، سیکرٹری اطلاعات و ڈی جی پی آر ڈاکٹر شہنشاہ عظیم بھی موجود ہیں

ملک بھر میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ

قوموں کا مقدر بدلنے میں تعلیم اور خواندگی کا اہم کردار ہے، تعلیم اور خواندگی ہماری قوم کے مستقبل کی بنیاد ہیں، آئین کے آرٹیکل 25 اے کے مطابق تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے

پاکستان نے ناخواندگی کے مسئلے کے پیشِ نظر قومی تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کیا، تعلیمی ایمرجنسی کا مقصد سکول نہ جانے والے بچوں کو سکولوں میں داخل کرنا اور 7 کروڑ بالغ افراد کو تعلیم دینا ہے

ہر خواندہ شہری سے اپیل ہے کہ وہ کم از کم ایک ناخواندہ شخص کو تعلیم دے، خواندگی میں اضافے کیلئے بینظیر تعلیمی وظائف دیئے جا رہے ہیں، مستحق بچوں کو اعلیٰ ثانوی سطح تک تعلیمی وظائف کی صورت میں مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے، وزیراعظم

تمام اضلاع میں لڑکوں کیلئے 4000 اور لڑکیوں کیلئے 4500 روپے تک فی سہ ماہی وظیفے دیئے جا رہے ہیں، اس وقت 97 لاکھ بچے بینظیر تعلیمی وظائف پروگرام سے مستفید ہو رہے ہیں، صدر مملکت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان نے کہا ہے کہ تعلیم اور خواندگی ہمارے ملک کے مستقبل کی ضمانت ہیں۔ خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ قوموں کا مقدر بدلنے میں تعلیم اور خواندگی کا اہم کردار ہے، تعلیم اور خواندگی ہماری قوم کے مستقبل کی بنیاد ہیں، آئین کے آرٹیکل 25 اے کے مطابق تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے، آج ہم ہر شہری کو تعلیم فراہم کرنے کے عہد کی تجدید (بقیہ نمبر 45)

فلسطینیوں کے قتل عام پر اسرائیل کو کھلی چھوٹ دینا افسوسناک ہے: ڈاکٹر شبیر میثمی

فلسطینیوں پر ڈھائے گئے اسرائیلی مظالم پر امت مسلمہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، مرکزی سیکرٹری شیعہ علماء کونسل پاکستان

امت مسلمہ عید میلاد النبی منائے گی لیکن اس وقت امت مسلمہ کا ایک اہم اور مقدس ترین حصہ اسرائیلی سفاکیت کی زد میں ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ افسوس فلسطینی مظلومین پر ڈھائے گئے اسرائیلی مظالم پر امت مسلمہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، ربیع الاول کے بابرکت اور سعادتوں بھرے مہینے کا آغاز ہو چکا ہے، عالم اسلام میں پوری امت عید میلاد النبی منائے گی لیکن اس وقت امت مسلمہ کا ایک اہم اور مقدس ترین حصہ اسرائیلی سفاکیت کی زد میں ہے، ہم سب آخر کس منہ سے ربیع الاول کے پروگرام منائیں گے اور قیامت کے دن نبی اکرم ختمی المرتبت ص (بقیہ نمبر 3)

ہم افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے

ہم فوج کو سلام پیش کرتے ہیں، جنھوں نے اپنے جان و مال کی پرواہ کیے بنا پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کی، کس سینیٹر ناصر محمود بٹ

ہم فوج کو سلام پیش کرتے ہیں، جنھوں نے اپنے جان و مال کی پرواہ کیے بنا پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کی، چیئرپرسن عاصمہ بٹ

پاک فوج نے فتح کی صورت میں یہ پیغام دیا کہ پاکستان کی جانب جو بھی میلی آنکھ سے دیکھا گا۔ اسے شکست فاش کا سامنا کرنا پڑے گا

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و چیئرمین سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس سینیٹر ناصر محمود بٹ نے کہا کہ ہم افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ ہم فوج کو سلام پیش کرتے ہیں، جنھوں نے اپنے جان و مال کی پرواہ کیے بنا پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کی۔ معروف مصنفہ، ہدایت کارہ و ڈولفن کمیونیکیشن کی چیئرپرسن عاصمہ بٹ نے کہا کہ جب بھی پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگتا ہے تو وہیں پر اپنے شہداء اور پاک افواج کے جوانوں کا خیال آتا ہے، جنھوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ اپنی سرحدوں کی حفاظت اپنے لہو سے کی۔ وہ کبھی بھلائے نہیں جا سکتے۔ جس طرح دشمن نے لاہور پر قبضہ کرنے کی کوشش کی اور ہماری پاک فوج نے دشمن کا منہ توڑ جواب دیا اور انھیں بھاگنے پر مجبور کر دیا، یہ سب کارنامے تاریخ کا حصہ بن چکے ہیں۔ (بقیہ نمبر 39)

اللہ کی وحدانیت اور رسول اکرم ﷺ کی ختم رسالت پر ایمان اور اطاعت ہی زندگی کا مقصد ہونا چاہیے، حضرت علامہ مولانا الحاج پیر سید محمد صابر شاہ

ہر حال میں نماز ادا کریں۔ اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں۔ قران المجید میں ہر بات واضع ہے۔ خود اور اپنے بچوں کو نماز اور تمام ارکین کا پابند کرائیں

کراچی کے تین روزہ دورے میں تبلیغی اجتماعات۔ اللہ اور اسکے رسول ﷺ اور قران مجید راہ نجات کا راستہ ہیں۔ ہمیں انہی تعلیمات پر چلنا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) سلسلہ عالیہ قادریہ قتالو شریف سڑکی کوٹ ہری پور کے روحانی پیشوا حضرت العلامہ مولانا الحاج پیر سید محمد صابر شاہ نے کراچی کے تین روزہ دورے میں کورنگی، اورنگی ٹاؤن و دیگر علاقوں میں روحانی و عرفانی اجتماعات سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر کے جید عالم دین غوث الزماں حضرت العلامہ مولانا حافظ قادری رہبر شریعت و طریقت سید محمد طیب شاہ رحمت اللہ علیہ کے سالانہ 13 ویں عرس جسکا اہتمام غوثیہ کمیٹی کراچی پاکستان نے کیا۔ اس نے نئی روح پھونکی۔ انہوں نے کہا کہ حضور اعلیٰ کے مناقب بہت بلند ہیں۔ آپ نے شہنشاہ سریکوٹ حضرت سید احمد شاہ رحمت اللہ علیہ کے مشن کو پوری دنیا میں عام کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ بنگال بھر میں مساجد، خانقاہیں، مدارس قائم کئے۔ انہوں نے اللہ تبارک تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول کریم ﷺ کی تعلیمات کے لئے بڑھ چڑھ کر کام کیا۔ ساری زندگی رسول اکرم ﷺ کی اطاعت و فرانبرداری اور دین کی خدمت کے لئے وقف کیا۔ انہوں نے مریدین سے کہا کہ اچھوں کی صحبت اختیار کریں۔ برائی سے خود کو بچائیں۔ اچھے لوگ اللہ کے ولی ہیں۔ ہمارے لئے وہ لوگ بہت اہم ہیں جو طریقت کے داعی ہیں۔ غیر شرعی کاموں سے اجتناب برتتے ہیں۔ دور حاضر میں بہت سے لوگ طریقت کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ اللہ سب کو ان سے محفوظ رکھے۔ نماز کی کسی صورت معافی نہیں۔ ہر حال میں نماز ادا کریں۔ اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں۔ قرآن مجید میں ہر بات واضع ہے۔ خود اور اپنے بچوں کو نماز اور تمام ارکین کا پابند کرائیں۔ علمائے کرام آپکی رہنمائی کے لئے موجود ہیں۔ کراچی آ کر عوامی جزبات اور دین کی طرف سلسلے کے افراد کی رغبت دیکھ کر خوشی ہوئی ربیع الاول کا مبارک مہینہ شروع ہوگیا ہے درود پاک کی کثرت کریں۔ مسلمانوں پر جو کڑا وقت ہے اللہ اس سے ہماری نمازوں میں برکت دے کر دعاؤں کی قبولیت سے رحم فرمائے۔ فلسطینی مسلمانوں کی اللہ غیب سے مدد فرمائے۔ ہمیں اپنے مدارس میں دینی تعلیم اور دین سے متعلق تمام پہلوؤں سے طالب علموں اور عوامی اجتماعات میں آگاہی دینی ہے۔ انہوں نے تینوں روز کراچی کے مختلف علاقوں میں دی نی تعلیمات کے لیکر دیئے۔ جس میں بڑی تعداد میں عوام اور مریدین نے شرکت کی۔



اردو زبان اسلامی تاریخ و تہذیب کی محافظ ہے

پاکستان کی قومی زبان ہمارے دینی نظریات کی عکاس اور قومی روایات کی علمبردار رہے. ڈاکٹر حمیرا طارق

8 ستمبر، یوم نفاذ اردو کے حوالے سے سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق اور ذمہ داران کا بیان

لاہور (نمائندہ خصوصی) قومی زبان کسی بھی ملک کی ثقافتی پہچان ہوتی ہے -- قومی زبان ملکی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے - پاکستان کی قومی زبان اس کی معاشرتی، تہذیبی اور ثقافتی اقدار کی عکاس ہے - ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمیرا طارق ڈپٹی سیکرٹریز ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی ثمینہ سعید ڈاکٹر زبیدہ جبیں صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے یوم نفاذ اردو کے حوالے سے اپنے مشترکہ ایک بیان میں کہی . انہوں نے کہا کہ ہماری قومی زبان اردو عصبیت کا نہیں بلکہ قومی وحدت وقوت کا سرچشمہ ہے - پاکستان میں قومی زبان کے نفاذ سے علاقائی زبانوں کو کوئی خطرہ نہیں۔ ہماری قوم کی بدقسمتی ہے کہ ہم قومی زبان پر انگریزی زبان کو فوقیت دیتے ہیں - پاکستان میں انگریزی تمام شعبہ ہائے زندگی پر مسلط ہے جو قومی ترقی اور وحدت کے لئے دفاتر، عدالتوں، سکولوں اور اسمبلیوں میں قومی زبان کا استعمال کیا جانا ناگزیر ہے - انہوں نے کہا کہ دنیا میں آج تک انہی قوموں نے ترقی کی ہے جنہوں نے اپنی قومی زبان کو اظہار و بیان کا ذریعہ بنایا. - 1973 کے آئین کی رو سے اردو کو قومی زبان قرار دیا گیا اور اسے سرکاری زبان بنانے کی سفارش کی گئی لیکن افسوس آج تک پاکستان میں انگریزی کو ہی سرکاری اور دفتری زبان کا درجہ حاصل رہا ہے 8- ستمبر 2015 کو (بقیہ نمبر 26)

خصوصی انسدادِ پولیو مہم
9 تا 15 ستمبر 2024

خصوصی انسداد پولیو مہم، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہو سکتا ہے علم بردار نہیں: مولانا فضل الرحمان

فلسطین میں اسرائیل کا ظلم و بربریت جاری ہے، امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہو سکتا ہے، علم بردار نہیں

پاکستان کے عوام ختم نبوت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، آج کا اجتماع پاکستان کی وحدت کی علامت ہے

لاہور (آئی آئی پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے واضح کیا ہے کہ فلسطین میں اسرائیل کا ظلم و بربریت جاری ہے، امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہو سکتا ہے، علم بردار نہیں، لاہور میں مولانا فضل الرحمان نے مینارِ پاکستان پر گولڈن جوبلی ختمِ نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن پیغام دے رہا ہے کہ پاکستان کے عوام ختم نبوت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، آج کا اجتماع پاکستان کی وحدت کی علامت ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ بڑے لوگوں نے کہا کہ اسرائیل کو تسلیم کر لینا چاہئے، میں عالمی برادری کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اسرائیل کا وجود تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کا ظلم و بربریت جاری ہے، حماس کے مجاہدین فلسطین کی آزادی کے (بقیہ نمبر 58)

''عوامی وزیر اعلیٰ۔۔۔۔عوامی انداز''

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چارپائی پر بیٹھ کر پیالہ ہوٹل سے چائے پی

ڈھابے پر وزیر اعلیٰ کو دیکھ کر شہریوں کی خوشگوار حیرت، بجلی کے بلوں میں فی یونٹ کمی پر اظہار تشکر

نواز شریف کو عوام کے بجلی بلوں کی بہت فکر ہے، مزید ریلیف کی پوری کوشش کر رہے ہیں

آٹا چینی گھی دالیں، سبزیاں سستی ہونے سے مہنگائی میں کمی ہوئی، شہریوں سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈی جی خان سے لاہور جاتے ہوئے ''چائے کے ڈھابے'' پر گاڑی رکوا لی اور شہریوں کو خوشگوار سرپرائز دے دیا۔ ڈیرہ غازی خان میں بچوں کے نیوٹریشن پروگرام کی تقریب سے واپسی پر وزیر اعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 48)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ایک شخص کو بجلی کے بل میں دیئے گئے ریلیف کے بارے میں بتا رہی ہیں

شرح سود میں ایک سے 1.5 فیصد تک کمی کا امکان

مہنگائی میں مسلسل کمی کے رجحان کے پیش نظر 12 ستمبر کو ہونے والی مانیٹری پالیسی میٹنگ میں فیصلہ ہوگا

کراچی (این این آئی) مہنگائی میں مسلسل کمی کے رجحان کے پیش نظر قوی امکان ہے کہ جمعرات 12 ستمبر کو ہونے والی مانیٹری پالیسی میٹنگ میں اسٹیٹ بینک اپنے (بقیہ نمبر 46)

دفاع وطن میں پاک بحریہ کے کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا' مریم نواز

پاکستان کی سمندری حدود کی حفاظت کرنے والے پاک بحریہ کے افسر اور جوان ہمارا فخر ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ دفاع وطن میں پاک بحریہ کے کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پاکستان نیوی ڈے پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سمندری حدود کی حفاظت پر مامور پاک (بقیہ نمبر 47)

9 تا 15 ستمبر 2024
افتتاحی
دو قطرے ہر بچہ، ہر بار

وزیراعظم شہباز شریف بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کو جلسے سے متعلق فیک ویڈیوز شیئر کرنا پڑیں: عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما جلسے سے متعلق حسب معمول فیک ویڈیوز اور تصویریں شیئر کر رہے ہیں،

پنجاب کی پی ٹی آئی قیادت جلسے میں لوگ لے جانے کیلئے تیار ہی نہیں، اس لیے پنجاب کی تمام سڑکیں خالی ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے جلسے سے متعلق فیک تصویر شیئر کرنے پر سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ انہوں نے کشمیر کی 14 اگست کے موقع کی ویڈیو شیئر کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پی ٹی آئی کے جلسے کی فیک پوسٹیں بھی ساتھ شیئر کر دیں اور کہا کہ پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما جلسے سے متعلق حسب معمول فیک ویڈیوز اور تصویریں شیئر کر رہے ہیں، لوگوں کی تعداد کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہے ہیں جبکہ حقیقت میں ان کو جلسے کے لیے لوگ نہیں مل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اطلاعات ہیں پنجاب کی پی ٹی آئی قیادت جلسے میں لوگ لے جانے کے لیے تیار ہی (بقیہ نمبر 40)

ڈرون اور سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کی مدد سے ماحولیاتی نگرانی کا آغاز

ڈرون اور سیٹلائٹ مانیٹرنگ کے ذریعے ماحولیاتی قانون کی خلاف ورزی اور دھوئیں کے اخراج کا سبب بننے والے یونٹس پر چھاپے شروع

محکمہ ماحولیات کی ٹیم کے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ شیخوپورہ روڈ گوجرانوالہ پر چھاپے، ماحولیاتی آلودگی کا سبب بننے والی بھٹی مسمار، دو فیکٹریاں سیل

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب میں ڈرون سے اور جدید سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سے منسلک سسٹم کی مدد سے ماحولیاتی نگرانی شروع ہوگئی۔ ڈرون اور سیٹلائٹ مانیٹرنگ کے ذریعے ماحولیاتی قانون کی خلاف ورزی اور (بقیہ نمبر 43)

انسانی سمگلنگ کا بین الاقوامی نیٹ ورک پکڑ لیا

نیٹ ورک سادہ لوح عوام کو بیرون ملک روزگار کا جھانسہ دیکر لوٹنے میں ملوث

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے لاہور میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ کا بین الاقوامی نیٹ ورک پکڑ لیا۔ ایف آئی اے (بقیہ نمبر 44)

روشن مستقبل کیلئے سو فیصد شرح خواندگی کا ہدف حاصل کیا جائے: وزیر اعلیٰ پنجاب

خواندگی معیار زندگی کو بہتر اور ترقی کے بے پناہ مواقع فراہم کرتی ہے، نظرانداز طبقات کی بنیادی تعلیم کیلئے درکار وسائل مہیا کئے جا رہے ہیں

صوبہ بھر میں سکول سے باہر رہ جانے والے بچوں کی تعلیم کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا عالمی یوم خواندگی پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں سکول سے باہر رہ جانے والے بچوں کی تعلیم کے لئے ہر ممکن اقدام کریں گے، معاشرے کے نظر انداز طبقات کی بنیادی تعلیم کے لئے درکار وسائل مہیا کئے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی یوم خواندگی پر اپنے پیغام میں کہا کہ عالمی یوم خواندگی پر آج سب کو پڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ دین اسلام علم حاصل کرنے پر زور دیتا ہے اور قرآن مجید میں بھی علم حاصل کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ خواندگی معیار زندگی کو بہتر اور ترقی کے بے پناہ مواقع (بقیہ نمبر 51)

محسن نقوی کا لیاقت بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ، معاہدے بارے گفتگو

مذاکرات معاہدے پر عملدرآمد بارے آگاہی کیلئے وزیر داخلہ اور وزیر اطلاعات منصورہ جائیں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں دونوں فریقین کے درمیان ہونے والے (بقیہ نمبر 52)

مہمند میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملے کی کوشش ناکام، 4 دہشت گرد ہلاک

راولپنڈی (اے ایف بی) ضلع مہمند میں خوارجی دہشت گردوں کی ایف (بقیہ نمبر 53)

PAGE 2 EDITORIAL اداراتی صفحہ

Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

حکومتی اپیلیں منظور، نیب ترامیم بحال

سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کالعدم قرار دینے کے خلاف وفاقی حکومت اور دیگر اپیک کنندگان کی انٹرا کورٹ اپیلیں منظور کرتے ہوئے نیب ترامیم کالعدم قرار دینے کا 3 رکنی بنچ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا اور نیب ترامیم بحال کر دیں۔ عدالت عظمی نے تفصیلی فیصلہ میں قرار دیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خاں یہ ثابت کرنے میں ناکام رہے کہ نیب ترامیم خلافِ آئین تھیں۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس سید اظہر حسن رضوی پر مشتمل پانچ رکنی بنچ نے ان انٹرا کورٹ اپیلوں محفوظ کیا گیا اپنا فیصلہ گذشتہ روز جاری کیا۔

قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظور ہونے والے نیب ترمیمی بل 2022ء کے تحت بہت سے معاملات کو نیب کے دائرہ اختیار سے نکال دیا گیا تھا۔ نیب ترمیمی بل کے تحت نیب 50 کروڑ روپے سے کم کے کرپشن کیسز کی تحقیقات نہیں کر سکے گا۔ جہاں جرم کا ارتکاب ہوگا اسی علاقے کی احتساب عدالت میں مقدمہ چل سکے گا۔ نیب وفاقی، صوبائی یا مقامی ٹیکس کے معاملات پر کارروائی نہیں کر سکتا تھا اور ملک میں کام کرنے والے ریگولیٹری اداروں کو بھی نیب کے دائرہ کار سے باہر نکال دیا گیا تھا۔ ملزمان کے خلاف تحقیقات کے لیے دیگر کسی سرکاری ایجنسی سے مدد نہیں لی جا سکے گی۔ نیب کسی بھی ملزم کا زیادہ سے زیادہ 14 دن کا ریمانڈ لے سکتا ہے تاہم بعد ازاں اس میں مزید ترمیم کرتے ہوئے اس مدت کو 30 دن تک بڑھا دیا گیا تھا۔ پہلے 90 دن کا ریمانڈ دیا جا سکتا تھا۔ نیب دھوکا دہی کے کسی مقدمے کی تحقیقات تبھی کر سکتا ہے جب متاثرین کی تعداد 100 سے زیادہ ہو۔ چیئرمین نیب اور بیورو کے پراسیکیوٹر جنرل کی مدت ملازمت میں بھی ایک برس کی کمی کر کے اسے 3 سال کر دیا گیا تھا۔ اس بل کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا۔ جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے بینچ نے اس قانون کو کالعدم قرار دے دیا جس پر انٹرا کورٹ اپیل دائر ہوئی اور گزشتہ روز چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں لارجر بینچ نے نیب ترامیم بحال کر دیں۔ جس کے بعد نیب ترامیم کا قانون گزشتہ روز سے نافذ العمل ہو چکا ہے۔ ہر دور حکومت میں نیب کی کارکردگی پر عدلیہ کی طرف سے مایوسی کا اظہار کیا جاتا رہا۔ سیاستدان بھی اس پر کڑی تنقید کرتے رہے۔ کئی بڑے لیڈروں کی طرف سے اسے بند کرنے کے بھی مطالبے سامنے آتے رہے۔ نیب کے بارے میں عمومی رائے بن چکی تھی کہ اس کے ذریعے مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

ایک بڑا نیوٹریشن پروگرام۔ احتیاط کے تقاضے

ہر قوم کے بچے اس کا مستقبل ہوتے ہیں اور قائد اعظم نے اسی پس منظر میں بچوں کی تربیت اور ان کی بہترین تعلیم پر ہمیشہ زور دیا۔ پاکستان میں اقتدار کی محاذ آرائیوں نے اگر کسی شعبے کو بہت نظر انداز کیا تو وہ قوم کے بچوں کا مستقبل تھا۔ بچوں کی تعلیم اور تربیت کیلئے نصاب ہمیشہ جوڑ توڑ کا نشانہ بنتے رہے، کبھی بیرونی مداخلت کے نام پر اور کبھی مقامی سیاست کے نام پر پورا تعلیمی ڈھانچہ تجربات کی نذر ہوتا رہا۔ جب بچوں کی تعلیم کا شعبہ بھی محض خانہ پری تک محدود ہو تو ان کی صحت کی طرف کون توجہ دیتا۔ کون دیکھتا کہ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے والدین جو بچوں کو کپڑے تک لے کر نہیں دے سکتے وہ ان کی سکول کی ضروریات کیسے پوری کریں گے۔ ماضی میں ایسی باتیں تو ہوئیں کہ یہ جو بچوں کو سرکاری سکولوں میں مفت کتابیں دی جا رہی ہیں یہ باہر کے ایجنڈے کے تحت ذہن سازی کے منصوبے کا حصہ ہیں لیکن کسی کا دھیان اس بات کی طرف نہیں جاتا تھا کہ سکولوں میں آنے والے بچے کیا ناشتہ کر کے آتے ہوں گے۔ ان کی ماؤں کا تو یہ حال ہوتا ہے کہ۔

وہ اکثر دن میں بچوں کو سلا دیتی ہے اس ڈر
سے کہ گلی میں پھر کھلونے بیچنے والا نہ آجائے

یہ جو بڑے شہروں میں سکولوں خاص طور پر نجی سکولوں میں جانے والے بچوں کے ساتھ ہم لنچ باکس اور پانی کی بوتل کا حسن دیکھتے ہیں تو یہ پاکستانی بچوں کا شائد پانچ سے دس فی صد ہوں۔ بچوں کی اکثریت خاص طور پر دیہی سکولوں میں ایسی سہولت کا تصور بھی نہیں کر سکتی۔ گزشتہ روز جب مریم نواز شریف جنوبی پنجاب کے ایک سکول میں اپنے سب سے بڑے نیوٹریشن پروگرام کے افتتاح کے لئے گئیں تو انہوں نے بھی اس پروجیکٹ کے پس منظر میں ایک مشاہدے کا خاص طور پر تذکرہ کیا اور کہا کہ۔۔ نیوٹریشن پروگرام کا خیال ایک سکول کے دورے کے دوران آیا جب مجھے آگاہ کیا گیا کہ کئی بچے اپنے گھروں سے بغیر ناشتے کے آتے ہیں اور اکثر بے ہوش ہوجاتے ہیں۔ وزیر اعلی نے پنجاب کی حکومت سنبھالنے کے بعد جن منصوبوں کا اعلان کیا تھا ان میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ ان کی حکومت میں بچوں کی صحت اور تعلیم کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا اور بچوں کو سکول میں دودھ مہیا کیا جایا کرے گا تا کہ ان کی صحت ٹھیک رہے اور صحت مند جسم کے ساتھ ان کا دماغ بھی صحت مند رہے۔ ان کے پروگرام پر اپوزیشن نے سوشل میڈیا پر تنقید کا سلسلہ جاری رکھا لیکن وہ اپنے طور پر ترجیحات کا تعین کر کے پہلے آٹا روٹی سستی کرنے پھر بجلی بلوں میں ریلیف دینے اور دوسرے منصوبوں کے بعد اب اپنے اعلان کردہ پروگرام کی طرف آئیں تو سب حیران ہوئے۔ گزشتہ روز وہ اپنے وزرا اور انتظامیہ کی متعلقہ ٹیم کے ارکان سینئر منسٹر مریم اورنگ زیب، وزیر اطلاعات و ثقافت عظمی زاہد بخاری، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، وزیر معدنیات شیر علی گورچانی، ایم پی اے ثانیہ عاشق، نوشین عدنان، معاون خصوصی ذیشان ملک، چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان سیکرٹری سکولز اور دوسرے حکام کے ساتھ جب ڈیرہ غازی خان کے گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی ون میں پنجاب میں ملک کے پہلے اور سب سے بڑے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کرنے پہنچیں تو منظر دیدنی تھا۔ مریم نواز نے ڈیرہ غازی خان گورنمنٹ پرائمری سکول کی ہر کلاس میں جا کر بچوں کو دودھ کے پیک دیئے ۔نشستوں پر جا کر دودھ کے ڈبے پیش کئے صرف یہی نہیں، بچوں کو دودھ کے پیکٹ خود کھول کر بھی دیئے اور نگرانی میں ختم کرائے۔ جب کوئی سیاستدان مقابلے کی فضا میں اپنے ایک بڑے منصوبے کا عملی آغاز کرتا ہے تو پھر عوام یا ان کے بچوں سے کھلتا بھی ہے چنانچہ وزیر اعلیٰ نے افتتاحی تقریب سے خطاب میں ایسا ہی کیا اور کہا کہ بہت پیارے بچو، آپ سے ملکر بے انتہا خوشی ہوئی ہے۔ ایک بچی خدیجہ نے مجھے ابھی کہا کہ آپ اتنی دور سے صرف ہم سے ملنے آئی ہیں۔ ڈیرہ غازی خان لاہور سے جتنا بھی دور ہو میں آپ سے دور نہیں۔ بچو! میں لاہور میں بیٹھ کر بھی آپ کے بارے میں سوچتی ہوں کہ میری قوم کا مستقبل خوب پڑھے اور اچھی صحت ہو، طاقتور ہو۔ قوم کے بچوں کی اچھی گرومنگ ہو اور اچھی طرح تعلیم حاصل کریں۔ اس تقریب کے مہمان اور وی آئی پیز یہ بچے ہیں، ان بچوں سے اتنا پیار ملا کہ بتا نہیں سکتی۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ میں ان بچوں کے لئے ایسے ہی سوچتی ہوں جیسے ایک ماں اپنے بچوں کے لئے سوچتی ہے۔ طلبہ سے ان کے نام پوچھے تعریف کی طلبہ کے درمیان جا کر بیٹھ گئیں، اور ظاہر ہے طلبہ نے بھی مسرت کا اظہار کیا۔ پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز ڈیرہ غازی خان راجن پور اور مظفر گڑھ کے اضلاع سے ہوا ہے اور ان اضلاع کے چار لاکھ غذائی قلت کے شکار بچوں کو روزانہ 175 ملی لیٹر دودھ کا پیکٹ فراہم کیا جائیگا۔ پروگرام میں ایک مثبت ترکیب کو بھی ضروری قرار دیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ان اضلاع کے 3527 سکولوں کے طلبہ دودھ پینے کے بعد خالی پیکٹ واپس جمع کروائیں گے اور ان ریپرز کی ری سائکلنگ سے جو آمدنی ہوگی وہ سکول کی انتظامیہ کو دی جائے گی وزیر اعلی کا کہنا ہے کہ پنجاب میں تقریباً 49 ہزار سکول ہیں، بڑی خواہش ہے کہ سب سکولوں میں پراپر میل پروگرام شروع کریں، وسائل کی کمی ہے لیکن کوشش ہے۔ انشاء اللہ اچھا وقت آئے گا، اچھا وقت آ رہا ہے، پوری کوشش ہے کہ جتنی سہولتیں دے پائیں دیں گے۔ میری موٹیویشن ان بچوں کا چہرہ ہے، میں چاہتی ہوں کہ سکول کا انفراسٹرکچر، معیار تعلیم پرائیویٹ سکولوں سے بھی بڑھ کر ہو اور بچوں کی صحت بہترین ہو۔ پنجاب میں کریکولم اپ ڈیٹ کر رہے ہیں، آوٹ سورسنگ پر کام جاری ہے، سکول نیوٹریشن پروگرام مہنگا ضرور ہے لیکن میری قوم کے بچوں سے قیمتی کچھ بھی نہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ عملی طور پر کچھ ایسا کر جاؤں کہ آپ کو لگے کہ آپ کی سی ایم آپ کی ماں جیسی ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر اور ان کی ٹیم بہت محنت سے کام کر رہی ہے، 90 روپے کے دودھ کے پیکٹ کو 63 روپے میں حاصل کیا ہے ۔۔ کم وسائل والے گھرانوں کے بچوں کی صحت کے لئے پنجاب حکومت کا یہ پروگرام بہت اچھا ہے لیکن اس میں احتیاط کے تقاضے بھی اہم ہیں جن کی طرف وزیر اعلی نے پیشگی اشارہ کرتے ہوئے کہہ دیا ہے کہ قوم کے بچوں کا پیسہ ہے ایک روپے کی بھی خیانت ہوئی تو اللہ معاف نہیں کرے گا،۔ پروگرام کی سپرٹ خراب نہیں ہونی چاہیے، خورد برد یا کرپشن نہیں ہونی چاہیے ان کا یہ کہنا بھی درست ہے کہ سکول نیوٹریشن پروگرام بچوں پر احسان نہیں ہے ان کا حق ہے اور تمام صوبوں کے وزرائے اعلی کو پنجاب کی طرح سکول نیوٹریشن پروگرام شروع کرنا چاہیے۔ اس لئے کہ غذائی کمی اور سٹینڈرڈ گروتھ تمام صوبوں کا مسئلہ ہے اور صوبوں کی تفریق سے ہٹ کر سوچنا ہوگا اس لئے کہ، بچے پاکستان کا فیوچر ہیں اور یہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے اور ویسے بھی۔

ہزار برق گرے لاکھ آندھیاں اٹھیں
وہ پھول کھل کے رہیں گے جو کھلنے والے ہیں

ڈاکیا اور خطوط اب نایاب

۔ تحریر بسم اللہ ارم

چھٹی ذرا سیاجی کے نام لکھ دے حال میرے دل کا تمام لکھ دے۔ کیا دور تھا، کیا وقت تھا کہ اپنے دل کے جذبات اور احساسات کو لکھانے کے لے ڈاکیے یا ڈاک کا سہارا لینا پڑتا تھا کیونکہ لوگ کم تعلیم یافتہ ہوتے تھے۔ ڈاک لانے والا ماضی کا ایک خوبصورت کردار ڈاکیا جو آج بھی گھر گھر جا کر ڈاک کی ترسیل کا کام سرانجام دیتا ہے۔ گرمی اور بارش کو پس پشت ڈال کر اپنی ذمہ داریاں نبھانا، بلا شبہ ڈاک کے نظام کو پرانا نظام قرار دے کر مختلف کوریئر سروس نے ڈاک خانے کے نظام کی ذمہ داریاں اپنے ذمے لے لی ہیں۔ ایک طرف تو انقلابی تبدیوں کی کوشش جاری ہے اور اصلاحات بھی ضروری ہیں مگر ہم ڈاک کے سستے نظام کو کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتے۔ 1854 میں جب لارڈ ڈلہوزی نے ہندوستان میں ڈاک کے نظام کو ایک باقاعدہ محکمے کی شکل دے کر پوسٹ آفس ایکٹ بنوایا تو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ فقط ڈیڑھ سو برس بعد رابطوں کی رفتار اس قدر کم ہوجائے گی کہ لوگ خط لکھنا اور پوسٹ کرنا بھی چھوڑ دیں گے۔ 1962 میں پاکستان میں محکمہ پوسٹ اور ٹیلی گراف کا محکمہ بنایا گیا اور اس وقت 13 ہزار ڈاک خانوں کا جال بچھایا گیا۔ اس میں صبح اور شام کے ڈاکخانوں کا قیام کیا گیا۔ اس کے علاوہ اگر دیکھا جائے تو ڈاک کے نظام میں ریلوے کو بھی شامل کیا گیا اور ٹرینوں اور مال گاڑیوں کے ذریعے ڈاک کی ترسیل کا کام لیا گیا

ڈاکخانوں کا مصرف اس وقت صرف یوٹیلٹی بل وصول کرنا، گاڑیوں کے ٹوکن اور چھوٹی موٹی بخشش جمع کرنا ہوتا تھا۔ اس کے بعد باقاعدہ طور پر چوراہوں اور مختلف مقامات پر سرخ رنگ کے لوہے کے لیٹر باکس لگا دیئے، جس میں صبح اور شام کے وقت کشادگی کے اوقات کو بھی نمایاں الفاظ میں لکھے جاتے اس کے ساتھ اندرون ملک اور بیرون ملک ڈاک بھیجنے کے لے الگ لیٹر بکس ہوتا اور مخصوص اوقات میں محکمہ ڈاک کا ایک اہلکار آتا، لیٹر باکس کی جانچ پڑتال کرتا، اسے کھول کر دیکھتا اور اپنا تھیلا ڈھوس ڈھوس کر بھر کر لے کر جاتا وقت نے کروٹ لی۔ اب بھی محکمہ ڈاک کا اہلکار آتا ضرور ہے مگر کبھی اور اس لیٹر بکس کو کھول کر دیکھتا ہے تو اس میں ایک خط بھی موجود نہیں ہوتا۔ جس کے بعد اپنا خالی تھیلا لے کر لوٹ جاتا ہے۔ اب نہ خطوط لکھے جاتے ہیں اور نہ بھیجنے والے رہے۔ اب تو شاید لیٹر باکس بھی کچھ عرصے کے بعد نظر نہ آئیں۔ ہم پچھلی صدی کے بندے ہیں اور آج بھی پچھلی صدی کے رکھے ہوئے خطوط ہمارے صندوق میں سنبھلے پڑے ہیں۔ نا صرف میرے پاس بلکہ میری عمر کے بہت سارے لوگوں نے ان خطوط کو سنبھال کر رکھا ہوگا کیونکہ ان خطوط میں یادیں، سچا پیار اور محبتیں تھیں پاکستان کے معاشرے میں جہاں اور بہت ساری روایات میں تبدیلی آئی ہے، اسی طرح ڈاک بابو، ڈاکخانہ اور ڈاک بنگلہ جیسی اصلاحات میں بھی بہت تبدیلیاں آئی ہیں اور اب یہ الفاظ کم سنائی دیتے اور بتایا جاتا ہے کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ واقعی سوچیں تو لگتا ہے جسے سب کچھ ہی بدل کر رہ گیا ہے۔ حالیہ برسوں میں ہی وقت نے اس تیزی سے کروٹ لی ہے کہ آج خاکی رنگ کی وردی والے ڈاکیا کے بارے میں بچوں کو سمجھانا پڑتا ہے۔ اج کے بچے کوریئر سروس کو تو جانتے ہیں لیکن ڈاکیے سے واقف نہیں۔ گردش زمانہ اور گزرے ہوئے دنوں کی یاد دلانے پر ٹھنڈی آہ بھر کر کہتے تھے کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ یہ خاکی وردی والا ڈاکیا جب خاکی لفافے میں ہمارا امتحانی رزلٹ لے کر آتا تھا، ہمارے پیاروں کی طرف سے بھیجے عید کارڈ لے کر آتا تھا۔ ہمارے پیاروں کے خطوط لے کر آتا تھا۔ منی آرڈر لے کر آتا تھا اخبارات کو خبریں بھی بذریعہ ڈاک بھیجی جاتی تھیں شادی کارڈ بھی بذریعہ ڈاک بھیجے جاتے تھے۔ اب موبائل فون اور انٹرنیٹ ہونے کی وجہ سے منی



آرڈر کی جگہ حوالہ ہنڈی، فارن ایکسچینج اور منی ٹرانسفر کمپنیوں نے لے لی ہے۔ خط کی جگہ پر تو واٹس ایپ اور ای میلز نے لے لی ہے۔ خط کا انتظار اب کون کرے گا، اب تو معاشرے سے ڈاک کے کردار بھی کافی حد تک ختم ہو کر رہ گیا ہے۔ بزرگوں کے منہ سے بھی وہ الفاظ سننے کو نہیں ملتے کہ ڈاک بابو میرے پردیسی بیٹے کا خط آیا کہ نہیں۔ کوئی خط پڑھ کر سنا اور خط کا جواب لکھ دے۔ ماضی میں بچے جب یہ گنگناتے تھے "دیکھو ڈاکیا آیا ہے ساتھ اپنے خط لایا ہے" یہ جملہ ہم سب کی کانوں کی سماعتوں سے ضرور ٹکرایا ہوگا۔ ماضی میں ڈاک کا باقاعدہ ایک منظم نظام ہوتا تھا اور وہاں پر باقاعدہ طور پر شہر کے وسط میں ڈاک خانے کے لے سرکاری بلڈنگ مختص کی جاتی تھی جہاں لوگوں کی رسائی ہو اور ڈاک خانہ ہر سال مختلف مواقع پر ڈاک ٹکٹ کا اجرا کرتا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ ہم میں سے بہت ساروں نے ٹکٹوں کو محبت کے ساتھ جمع کیا۔ البم میں لگا اس دور میں ڈاک کی ٹکٹیں جمع کرنا باقاعدہ ایک مشغلہ تھا۔ ماضی کی یاد کی صورت میں خط سنبھال کر رکھے جاتے تھے۔ خط میں نہ صرف اپنی بات ہوتی تھی اور نہ صرف اپنا حال بیان ہوتا بلکہ نگر کے تمام لوگ کیسے ہیں، در و دیوار کے ہیں موسم کیسا ہے، رزق روٹی کیسی چل رہی ہے، یہ ساری دعاؤں کے ساتھ خطوط نہ صرف لکھے جاتے تھے بلکہ ڈاکیا جب پہنچاتا تھا تو اس کی بھی خوب سیوا ہوتی تھی۔ اج بھی ڈاک خانے کی وسیع و عریض بلڈنگز ہر جگہ پر موجود ہیں مگر حکومتی سرپرستی نہ ہونے کے برابر ہے اور ہم ڈاک کے سستے نظام سے دور چلے جا رہے ہیں۔

Show Biz شوبز کارنر

ادیتی راؤ حیدری نے سدھارتھ کا شادی کی پیشکش کا انداز بتادیا

وہ سدھارتھ کے ساتھ کچھ سالوں سے ڈیٹنگ کر رہی ہیں ہم نے حال ہی میں منگنی کی ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ ادیتی راؤ حیدری نے ساتھی اداکار سدھارتھ کی طرف سے شادی کی پیشکش کا انداز بتادیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ادیتی راو؟ حیدری نے سدھارتھ کی طرف سے شادی کی پیشکش سے متعلق ایک وضاحتی نوٹ جاری کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ سدھارتھ کے ساتھ کچھ سالوں سے ڈیٹنگ کر رہی ہیں ہم نے حال ہی میں منگنی کی ہے، اُس نے میری پسندیدہ جگہ پر گھٹنے کے بل بیٹھ کر اور ہاتھ پھیلا کر شادی کیلیے پروپوز کیا۔

میں لیڈی ڈیانا بننا چاہتی تھی: حریم فاروق کا انکشاف

مدر ٹریسا جیسا بننے کے لیے انہیں بہت ساری قربانیاں دینی پڑیں گی

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ حریم فاروق نے انکشاف کیا ہے کہ بچپن میں انہیں احساس ہوتا تھا کہ وہ شاہی خاندان کا حصہ ہیں اور وہ ہر وقت لیڈی ڈیانا کی طرح شہزادی بننے کے خواب دیکھتی تھیں۔ حریم فاروق نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شرکت کی جہاں ان کے ہمراہ سویرا ندیم سمت نبیل کی ٹیم کے دیگر اداکاروں نے بھی شرکت کی۔ پروگرام کے دوران ایک سوال کے جواب میں حریم فاروق نے بتایا کہ انہیں بچپن سے ہی لیڈی ڈیانا کی طرح شہزادی بننے کا شوق تھا اور وہ ہر وقت والدین سے یہی پوچھتی رہتی تھیں۔

عامر خان نے تیسری شادی سے متعلق کیا کہا؟

میں 59 سال کا ہوگیا ہوں۔ تیسری شادی کرنا اب مشکل لگ رہا ہے

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے میگا اسٹار عامر خان نے تیسری شادی سے متعلق ردعمل دے دیا۔ بالی ووڈ کی انٹرٹینمنٹ ویب سائٹ کے مطابق ایک انٹرویو میں تیسری شادی کے بارے میں پوچھے گئے سوال پر بالی ووڈ کے میگا اسٹار عامر خان کا کہنا تھا کہ میں 59 سال کا ہوگیا ہوں۔ تیسری شادی کرنا اب مشکل لگ رہا ہے۔ عامر خان نے مزید کہا کہ اس وقت میری زندگی میں بہت سے رشتے ہیں۔ میں اپنی فیملی اور بچوں سے دوبارہ جڑا ہوں۔ میں بہت خوش ہوں کیونکہ یہ سب لوگ میرے بہت قریب ہیں۔ میں آج کل خود کو بہتر انسان بنانے پر کام کر رہا ہوں۔

پاکستانی شوبز میں انسٹاگرام فالوورز دیکھ کر لیڈ رول دیا جاتا ہے

سیٹ پر باتیں کی جاتی ہیں فلاں ماڈل یا اداکارہ کے زیادہ فالوورز ہیں،، مومنہ اقبال

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ مومنہ اقبال نے کہا ہے کہ ہمارے یہاں شوبز میں کسی بھی اداکار یا اداکارہ کے انسٹاگرام فالوورز کی تعداد دیکھ کر انہیں مرکزی کردار دیا جاتا ہے۔ مومنہ اقبال کا پرانا انٹرویو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے، جس میں انہوں نے بتایا کہ پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں مرکزی کردار کے لیے اداکاروں سے متعدد مطالبات کیے جاتے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ ماضی میں شوٹنگ سیٹ پر سوشل میڈیا فالوورز یا مقبولیت کے حوالے سے باتیں نہیں ہوتی تھیں۔

اداکار کو جیل میں وی آئی پی سہولت دینے پر 7 اہلکار معطل

ممبئی (سی ایم لنکس) بھارتی اداکار کو جیل میں وی آئی پی سہولت دینے پر 7 اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق قتل کے الزام میں قید کناڈا کے اداکار درشن کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، جس میں وہ جیل اہلکاروں کے ساتھ لان میں بیٹھے چائے پیتے ہوئے اور خوشگوار موڈ میں باتیں کرتے دکھائی دے رہے تھے۔ اداکار کو جیل میں ملنے والے وی آئی پی ٹریٹمنٹ پر عوامی غصے کے بعد کرناٹک کے وزیر داخلہ نے بیان میں کہا کہ بنگلورو جیل کے 7 اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کی ایک خصوصی ٹیم معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ اداکار درشن اور دیگر 16 افراد رینو کا سوامی نامی شخص کے قتل کے الزام میں قید ہیں۔

بچوں کو ہر کسی کی عزت واحترام کرنا سکھایا ہے، شاہ رخ خان

کیریئر اور بیوی میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو فلمیں چھوڑ دوں گا

ممبئی (سی ایم لنکس) شاہ رخ خان نے کہا ہے کہ اگر انہیں اپنے کیریئر اور بیوی میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو فلمیں چھوڑ دوں گا۔ بھارتی میڈیا کو ایک انٹرویو میں اداکار نے کہا کہ میں نے اپنے بچوں کو ہر کسی کی عزت واحترام کرنا سکھایا ہے۔ شاہ رخ کا کہنا تھا کہ میری شادی کو 3 دہائیوں سے زائد عرصہ ہوگیا ہے لیکن میں نے آج تک کبھی اپنی بیوی کے پرس میں نہیں جھانکا کیونکہ وہ اس کی ملکیت ہے۔ شاہ رخ خان نے اہلیہ کی اہمیت اور محبت کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ میری بیوی میری پہلی ترجیح ہے۔

ماضی کی نسبتاً اب بامقصد ڈرامے بنانا مشکل ہے: ثانیہ سعید

معاشرتی مسائل کو ڈراموں کے ذریعے اجاگر کرنا زیادہ آسان تھا لیکن اب یہ مشکل ہے

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی باصلاحیت، مایا ناز، معروف اداکارہ و میزبان ثانیہ سعید کا کہنا ہے کہ ایک وقت تھا جب پاکستان میں معاشرتی مسائل کو ڈراموں کے ذریعے اجاگر کرنا زیادہ آسان تھا لیکن اب یہ مشکل ہے۔ حال ہی میں انہوں نے نجی نیوز چینل کی پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی اور مختلف موضوعات پر کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دوران انٹرویو میزبان نے سوال کیا کہ کیا ہم اپنے ڈراموں میں اچھوتے موضوعات کو زیر بحث نہیں لا سکتے جیسا دوسرے ملکوں کے ڈراموں میں ہوتا ہے؟ میزبان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ثانیہ سعید نے کہا کہ اگر میں ایمانداری سے بتاؤں تو ماضی میں پاکستان میں ممنوع سمجھے جانے والے موضوعات پر بھی ڈرامے بنانا آسان تھا، آج کی نسبت ماضی میں ملک میں انتہائی اچھے ڈرامے بن رہے تھے۔

SPORTS کھیل کھلاڑی

فیڈریشنز کیلئے این او سی کے حصول کی شرائط مزید سخت

فیڈریشنز کو این او سی حاصل کرتے وقت منتخب کھلاڑیوں کی کارکردگی کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی

لاہور (اے ایف پی) پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے فیڈریشنز کو ایونٹس میں شرکت کیلئے این او سی حاصل کرنے کے عمل میں مزید سخت شرائط عائد کر دیں۔ پی ایس بی کی نئی ہدایات کے مطابق فیڈریشنز کو این او سی حاصل کرتے وقت منتخب کھلاڑیوں کی کارکردگی کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی، فیڈریشنز کو کھلاڑیوں کی پروفائلز میں یہ واضح کرنا ہوگا کہ ان کا انتخاب کس بنیاد پر کیا گیا ہے۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے مطابق فیڈریشنز کو یہ بھی تصدیق کرنا ہوگی کہ کھلاڑیوں کا انتخاب مکمل طور پر میرٹ پر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ فیڈریشنز کو ایونٹ کے اختتام پر کھلاڑیوں کی کارکردگی کی تفصیلی جائزہ رپورٹ بھی جمع کرانا ہوگی۔ پی ایس بی کے مطابق ان اقدامات کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ سپورٹس فیڈریشنز کھلاڑیوں کے انتخاب کے عمل کو میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر کریں۔

انگلینڈ کے فاسٹ بولر مارک ووڈ کہنی کی انجری میں

پاکستان کے خلاف سیریز سے پہلے انگلش کرکٹ ٹیم کو بڑا دھچکا

لندن (اے ایف پی) پاکستان کے خلاف سیریز سے پہلے انگلش کرکٹ ٹیم کو بڑا دھچکا لگ گیا۔ انگلینڈ کے فاسٹ بولر مارک ووڈ کہنی کی انجری میں مبتلا ہو کر مارک ووڈ پاکستان کے خلاف سیریز کے ساتھ آئندہ سال تک کرکٹ سے باہر ہوگئے۔ ای سی بی کے مطابق مارک ووڈ آئندہ سال چیمپئنز ٹرافی تک ٹھیک ہو جائیں گے۔ ای سی بی کا کہنا ہے کہ مارک ووڈ انگلینڈ کے دورہ پاکستان اور نیوزی لینڈ میں حصہ نہیں لیں گے، وہ اگلے سال پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی سے قبل واپسی کیلیے پرامید ہیں۔ ای سی بی نے مزید کہا کہ مارک ووڈ کی انجری پر ماہرین کی جانب سے نگرانی کی جا رہی ہے اور ان کی بحالی کا عمل جاری ہے، انہیں صحتیاب ہونے کے لیے مکمل آرام اور طبی دیکھ بھال کی ضرورت ہے تا کہ وہ مکمل طور پر فٹ ہو کر دوبارہ ٹیم کا حصہ بن سکیں۔



میں 10 مرتبہ پاکستان کیلئے ریکارڈ قائم کر چکا ہوں

مجھے خوشی ہے کہ میں نے ریکارڈ کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا، ارشد ندیم

لاہور (سی ایم لنکس) پیرس اولمپکس 2024ء میں پاکستان کے لیے انفرادی طور پر پہلا گولڈ میڈل جیتنے والے ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ میں 10 مرتبہ پاکستان کے لیے ریکارڈ قائم کر چکا ہوں۔ اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے لاہور میں منعقدہ تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ مجھے خوشی ہے کہ میں نے ریکارڈ کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا، میں نے بھی اسکول کی سطح سے کھیل کا آغاز کیا تھا، میں نے مختلف کھیلوں میں بیک وقت حصہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے 2015ء سے قومی سطح کے مقابلے شروع کیے اور 10 مرتبہ پاکستان کے لیے ریکارڈ قائم کر چکا ہوں۔ ایتھلیٹ نے بچوں کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کے لیے یہی پیغام ہے کہ میں محنت سے یہاں پہنچا ہوں، میرے گھٹنے اور کہنی کا آپریشن ہوا، سرجریز کے ساتھ محنت کی، کوچ اور ڈاکٹر نے میرے ساتھ بہت کام کیا، میں نے اولمپکس کے لیے براہ راست کوالیفائی کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ محنت اور لگن کے ساتھ کیے کام کا پھل دیتا ہے، آج دنیا میں پاکستان کا نام ہے اور یہی میری محنت کا پھل ہے۔

چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی قذافی سٹیڈیم کی بیسمنٹ کی تعمیر کا جائزہ لے رہے ہیں

راولپنڈی مارخور ٹیم پنجاب پریمیئر لیگ میں حصہ لے گی۔ چوہدری ندیم منظور

اسلام آباد (اے ایف پی) راولپنڈی مارخور ٹیم کیسر براہ چوہدری ندیم منظور نے کہا کہ راولپنڈی مارخور ٹیم پنجاب پریمیئر لیگ میں حصہ لے گی۔ یہ لیگ آئندہ ماہ 4 اکتوبر سے جناح اسٹیڈیم گوجرانوالہ میں شروع ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی مارخور ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں اوپن ٹرائلز کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔ اور لیگ کے لئے مضبوط ٹیم تیار کی جائے گی اور ٹیم کے لئے کھلاڑیوں کا انتخاب میرٹ کی بنیاد پر کیا جا رہا ہے۔ راولپنڈی مارخور ٹیم کیسر براہ چوہدری ندیم منظور نے کہا کہ ہمارا مقصد نوجوانوں کو سکرین سے گراؤنڈ میں منتقل کر کے صحت مندانہ سرگرمیوں کا فروغ ہے۔ ہم راولپنڈی مارخور ٹیم کی صورت میں پنجاب پریمیئر لیگ میں خطہ پوٹھوہار کے ٹیلنٹ کو سامنے لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پریمیئر لیگ سے کرکٹ کے ایک نئے دور کا آغاز ہو گا۔ ہم گراس روٹ لیول سے ٹیلنٹ کو آگے لا کر کرکٹ کے شائقین کو بہترین کھیل دیکھنے کا موقع فراہم کریں گے۔

پی سی بی کا چیمپئنز کپ کے میچز مفت دکھانے کا اعلان

چیمپئنز کپ کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ کا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی ہدایت پر چیمپئنز کپ کے آخری 4 میچز کے علاوہ باقی تمام میچز مفت دکھانے کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی زیر صدارت چیمپئنز کپ کے انتظامات سے متعلق اجلاس ہوا جس میں چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سلمان نصیر، چیف فنانشل آفیسر جاوید مرتضیٰ، ایڈوائزر بلال افضل، ڈائریکٹر ڈومیسٹک عبداللہ خرم نیازی اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں چیمپئنز کپ کرانے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ چیمپئنز کپ کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ کا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔

فیصل آباد میں انٹرنیشنل کرکٹ کروانے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی

پی سی بی کی اکتوبر میں انگلینڈ کے دورہ پاکستان کا ایک ٹیسٹ میچ فیصل آباد میں کروانے کی تیاری

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں شائقین کرکٹ کے لیے اچھی خبر سامنے آگئی، پاکستان کرکٹ بورڈ نے اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں انٹرنیشنل کرکٹ کروانے کی حکمت عملی تیار کر لی۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے اکتوبر میں انگلینڈ کے دورہ پاکستان کا ایک ٹیسٹ میچ فیصل آباد میں کروانے کی تیاری کر لی ہے۔ پی سی بی کی جانب سے انگلینڈ کیخلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کی میزبانی راولپنڈی، ملتان، فیصل آباد کو دینے کا ابتدائی پلان تیار کر لیا گیا جس کے تحت پہلا ٹیسٹ میچ ملتان کرکٹ سٹیڈیم، دوسرا ٹیسٹ میچ فیصل آباد اور تیسرا راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ چیمپئنز ون ڈے کپ کروانے کی وجہ مستقبل میں فیصل آباد کو انٹرنیشنل اور پی ایس ایل کی میزبانی دینا ہے۔

25 KM RACE
PESHAWAR MARATHON
Sprint to success

بقیہ 1

کہنا تھا کہ جلسے میں شرکت کیلئے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے روٹ متعین کردیے گئے ہیں، متعین روٹس کے علاوہ پیدل، موٹرسائیکلوں یا گاڑی پر جلسہ گاہ کی طرف سفر منع ہے اور اس کی قانوناً اجازت نہیں ہوگی اور متعین کردہ راستوں کی خلاف ورزی پر سخت سے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کو فوری گرفتار کیا جائے گا۔ پولیس کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں پرامن اجتماع کا قانون بن چکا ہے جو کہ نافذ العمل بھی ہے ، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا۔ جلسے کے شرکا کا اسلام آباد پولیس پر بلا اشتعال پتھراؤ کا وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے فوری نوٹس لیا اور آئی جی اسلام آباد پولیس سے رپورٹ طلب کرلی۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے زخمی ایس ایس پی شعیب خان سے ٹیلی فونک رابطہ کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمی پولیس اہلکاروں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں۔

بقیہ 2

حفاظتی اقدامات کی وجہ سے فائرنگ سے محفوظ رہے جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ اعلیٰ حکام کا کہنا ہے کہ فرار ہونے والے ڈاکوؤں کے ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 3

کو کیا منہ دکھائیں گے ، رات دن ہونے والی اس صیہونی بربریت پر اسلامی ممالک کی طرح ہمارے ملک کے ذمہ داروں نے بھی فلسطینی مسئلے پر کوئی واضح موقف اختیار نہیں کیا ، اگر مملکت خداداد کی نظریاتی اساس کے مطابق دوٹوک اور جاندار بیان دیا جاتا تو یہ ظلم وستم کا سلسلہ رک گیا ہوتا لیکن افسوس کہ ایسا نہیں کیا گیا اور فلسطینیوں کے قتل عام پر اسرائیل کو کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے ، انتہائی افسوسناک صورتحال ہے بیالیس ہزار فلسطینی شہید اور ایک لاکھ سے زائد زخمی ہوچکے ہیں لیکن ایسے لگ رہا ہے جیسے کچھ ہوا ہی نہیں ہے۔

بقیہ 4

پر دو فیکٹریوں پر محکمہ ماحولیات کا ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ چھاپا، بھٹی گرا کر فیکٹریاں سیل کر دی گئیں۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے محکمہ ماحولیات اور ضلعی انتظامیہ کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سموگ آنے سے پہلے پیشگی بچاؤ مہم مزید تیزی سے آگے بڑھائیں گے، ان وجوہات کا خاتمہ کرنا ہے جس کی وجہ سے سموگ ہوتی ہے اور ہر سال اڑھائی لاکھ لوگوں کی جان چھین لیتی ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ اڑھائی لاکھ زندگیاں چھیننے والی سموگ کے خاتمے میں پنجاب کا ہر شہری مدد کرے۔

بقیہ 5

قریب فلسطینیوں کو زخمی کرچکی ہے، اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں 90 فیصد سے زیادہ فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل نے غزہ میں کارروائی کرتے ہوئے حماس کے مزید 2 کمانڈر شہید کردیے۔ اس کے علاوہ اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان میں فائر بریگیڈ کے عملے پر ڈرون حملہ کرکے 2 اہلکار شہید اور 3 شدید زخمی کردیا جبکہ لبنان سے حزب اللہ نے بھی جوابی کارروائی کرتے ہوئے شمالی اسرائیل میں 2 ڈرون حملے کیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا سمیت تمام طاقتور ممالک اور عالمی ادارے 11 ماہ بعد بھی غزہ میں اسرائیلی حملے رکوانے میں ناکام ہیں۔ اسی حوالے سے امریکی انٹیلی جنس ایجنسی سی آئی اے کے سربراہ ولیم برنس کا کہنا ہے کہ غزہ جنگ بندی کی مزید جامع تجاویز کچھ دنوں میں پیش کریں گے۔ دوسری جانب یرغمالیوں کے اہلخانہ کی جانب سے اسرائیل کے دارالحکومت تل ابیب میں نیتن یاہو کے خلاف نئے مظاہروں کا اعلان کردیا گیا ہے۔

بقیہ 6

ہے، اسپیکر قومی اسمبلی- خواندگی کی شرح میں اضافہ معاشرتی اور معاشی ترقی کا ضامن ہے، سردار ایاز صادق تعلیم یافتہ قوم ہی خوشحال مستقبل کی ضمانت ہے، اسپیکر قومی اسمبلی اسپیکر قومی اسمبلی کا تمام اسٹیک ہولڈرز پر خواندگی کے فروغ کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور۔ نوجوان نسل خود کو زیور تعلیم سے آراستہ کرکے ملک کی ترقی و خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے۔

بقیہ 7

کے مقام پر مکمل سیل کردی گئی ہے جبکہ اسلام آباد ایکسپریس وے کو مختلف مقامات پر ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا۔ اس حوالے سے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ جڑواں شہروں کو ملانے والے متبادل راستے کھلے ہوئے ہیں۔ راستوں کی بندش سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا ہے اور وہ ارباب اختیار کو کوستے نظر آئے۔

بقیہ 8

واپڈا، چیئرمین ایف بی آر کو نوٹس جاری کر دیا گیا، گورنر سٹیٹ بینک، نیشنل بینک اور چیئرمین پیمرا کو بھی نوٹس جاری ہوگیا۔

بقیہ 9

ہوئے کیا۔ کمشنر آر ٹی او لاہور ایف بی آر احمد شجاع خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سابق چیئرمین پنجاب کونسل فرحان شہزاد، ایف سی اے چیئرمین لاہور ٹیکس بار اکیڈ محمد ندیم بٹ ، پاکستان ٹیکس بار کے پیٹرن رانا منیر، سابق نائب صدر پاکستان ٹیکس بار طاہر محمود بٹ اور دیگر بھی موجود تھے۔ مقررین نے کہا کہ چار پانچ گھنٹے لگا کر ریٹرن بنانے کے بعد اس کا سسٹم میں فائل نہ ہونا تکلیف دہ عمل ہے، سسٹم ریٹرن اور چالان فائل نہیں کر رہا، 30 ستمبر کی آخری تاریخ قریب آ رہی ہے اور ایف بی آر نوٹسز جاری کرنے میں مصروف ہے جبکہ مسائل کے حل اور سسٹم کو بہتر کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈیڑھ کروڑ گوشوارے چاہتی ہے لیکن موجودہ 0 40 لاکھ گوشوارے جمع کرانے والوں کو سہولت نہیں دے پا رہی۔ ایف بی آر سے اپیل ہے کہ تکنیکی اور سسٹم کے مسائل کو حل کیا جائے۔

بقیہ 10

کے 447 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔

بقیہ 11

اور بچوں کو خواندگی کی امید دلائی جا سکے جو اپنا نام تک نہیں لکھ سکتے۔ اس دن کے حوالے سے ملک بھر کے مختلف شہروں میں انسانی حقوق کی تنظیموں اور شرح خواندگی میں اضافے کے حوالے سے کام کرنے والے اداروں اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات بھی منعقد کی جاتی ہیں۔

بقیہ 12

واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تیز رفتاری اور غفلت و لاپرواہی سے موٹرسائیکل سوار باپ بیٹے کو کچلنے والے ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کی شناخت ضمیر کے نام سے ہوئی ہے، حادثہ میں محمد ایاز جاں بحق جبکہ اس کا بیٹا حماد زخمی ہو گیا تھا، واقعہ کا مقدمہ حماد کی مدعیت میں چند روز قبل تھانہ واہ کینٹ میں درج کیا گیا تھا، واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم ضمیر کو گرفتار کرکے ٹرک قبضہ پولیس میں لے لیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 13

اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ شالیمار اور تھانہ سمبل پولیس کو شہریوں کی جانب سے اطلاعات موصول ہوئیں کہ ان کے بچے لاپتہ ہوگئے ہیں، جن کی فوری تلاش کرنے میں مدد کی جائے، شہریوں کی جانب سے اطلاعات موصول ہوتے ہی تھانہ شالیمار اور تھانہ سمبل پولیس ٹیموں نے تمام تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے گمشدہ بچی اور بچے کو قلیل وقت میں تلاش کرکے بحفاظت ان کے والدین کے حوالے کردیا، بچوں کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور فوری مدد کرنے پر اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 14

کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 04 قمار بازوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں سرفراز، کامران، زاہد اور اختر شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 300 روپے، 02 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے، قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 15

تعلیمی اداروں میں منشیات سپلائی کرنے والا ملزم بھی شامل ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، آرائے بازار پولیس نے ملزم عمران سے 02 کلو 486 گرام چرس برآمد کی، ملزم کا تعلیمی اداروں سمیت شہر بھر کے مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کا انکشاف، واہ کینٹ پولیس نے ملزمہ رانی بی بی سے 01 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے ملزم عبدالحفیظ سے 01 کلو 517 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ملزم کاشف سے 540 گرام چرس برآمد کی، منشیات کے خلاف موثر کارروائیوں پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لئے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 16

تھانہ جات میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں، افسران قبضہ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری، اہم پوائنٹس کی سکیورٹی ڈیوٹی کو موثر بنائیں اور پٹرولنگ کے دائرہ کار کو وسیع کریں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس صدر زون خان زیب، ایس پی انڈسٹریل ایریا زون علی رضا اور ایس پی سواں زون پری گل ترین نے اپنے زونز میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، محرران اور لیڈیز پولیس افسران نے شرکت کی، اجلاس کے دوران زونل ایس پیز نے کہا کہ قبضہ مافیا، سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، اہم پوائنٹس کی سکیورٹی ڈیوٹی کو موثر بنائیں اور پٹرولنگ کے دائرہ کار کو وسیع کریں، تھانہ جات کی گاڑیاں 24/7 اپنے علاقہ حدود میں گشت پر مامور رہیں، پٹرولنگ کو مزید موثر اور بامقصد بنائیں، انچارج انوسٹی گیشن جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے خصوصی چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے کر ان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، ایس ایچ اوز شہریوں کی دادرسی کے لیے تھانہ جات میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں، تھانے کی سطح پر شہریوں کی شکایات کا موثر ازالہ اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جائیگا۔

بقیہ 17

منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے قیمتی موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج ہیں، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے موبائل فون اور نقدی چھیننے کی وارداتوں میں ملوث منظم گینگ کے دو ارکان گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزمان کی شناخت نوشیروان اور عالم کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے شہریوں سے موبائل فون اور نقدی چھیننے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھاتے ہوئے وسائل بروئے کار لارہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 18

سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے اسلام آباد میں جدید بس ٹرمینل کی تعمیر کے لیے پیشگی فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرلی ہے۔ مجوزہ بس ٹرمینل سیکٹر I-11 میں 32 ایکڑ پر تعمیر کیا جائے گا جس میں کمرشل ایریا، بڑی بسوں اور منی بسوں کے لیے پارکنگ اور اسلام آباد کے اہم روٹس سے رابطے ہوں گے۔ اس منصوبے کا مقصد تجاوزات کا خاتمہ، ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا اور مسافروں کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ سی ڈی اے کے چیئرمین نے منصوبے کی فزیبلٹی کو یقینی بنانے کے لیے بہترین مالیاتی ماڈل اپنانے کی ہدایت کی ہے۔ ایک بار مکمل ہونے کے بعد، بس ٹرمینل وفاقی دارالحکومت میں پبلک ٹرانسپورٹ کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں اضافہ کرے گا جس سے شہریوں کے لیے سفر زیادہ موثر اور آسان ہوگا۔ اس ٹرمینل کی چیدہ چیدہ خصوصیات میں ایئر کنڈیشنڈ ویٹنگ رومز کی تعمیر شامل ہے ، ٹرمینل پر وسیع مسجد بھی بنائی جائیگی، ہائی الرٹ سکیورٹی سسٹم نصب ہوگا، واک تھرو گیٹ کے بغیر انٹری نہیں ہوگی، سامان کی چیکنگ کے لیے سکینر مشینیں نصب ہوں گی، گاڑیوں کی چیکنگ کے لیے سمارٹ ڈیجیٹل انٹیلی جنس سسٹم فعال ہوگا، فٹنس ٹیسٹ کے بغیر کوئی بس ٹرمینل سے روانہ نہیں ہو سکے گی، پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے وقت کی پابندی لازمی ہوگی۔

بقیہ 19

پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ 12 روز کے دوران 312 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں، 2568 پبلک سروس گاڑیوں کے چالان کیے گئے، قانون کی خلاف ورزی پر 27 لاکھ 39 ہزار روپے کے جرمانے کئے گئے، بغیر لائسنس گاڑی چلانے والے 171 ڈرائیوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی، غفلت کے مرتکب 21 ڈرائیوروں کے لائسنس منسوخ کیے گئے ہیں، پبلک سروس گاڑیوں کے ڈرائیوروں، مالکان کے خلاف 25 مقدمات بھی درج کیے گئے، تیز رفتاری پر نظر رکھنے کے لیے گاڑیوں کا ٹریولنگ ٹائم بھی چیک کیا جارہا ہے، پبلک سروس گاڑیوں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لیے تمام اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ غفلت و کوتاہی کے مرتکب گاڑیوں کے مالکان اور اڈہ منیجرز کے خلاف بھی کارروائی ہو گی، شہریوں کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 20

سرحدوں اور ساحلوں کے دفاع کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ یہ ویڈیو خراج تحسین ہے پاکستان بحریہ کے جوانوں کے لازوال عزم کو جنہوں نے 1965 اور 71 کی جنگوں میں شجاعت اور بہادری کی داستانیں رقم کیں اور دشمن کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار بن گئے۔ یہ ویڈیو سلام ہے ان جراتوں حوصلوں اور جذبوں کو جو دشمن کے عزائم نذر خاک کرتے ہیں۔ یہ ویڈیو پیغام ہے کہ پاکستان بحریہ بحری سرحدوں کے دفاع اور جنگی تیاریوں جیسی بنیادی ذمے داریوں کی ادائیگی کے لیے ہر لحظہ تیار ہے۔

بقیہ 21

ہی فاصلے پر ملتان ٹول پلازہ کے قریب المکہ کوچ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی بس کے عملے نے فوری طور پر موٹروے ہیلپ لائن 130 پر اطلاع دی تو ڈیوٹی پر بیٹ 27 کے متعلقہ موٹروے پولیس موقع پر پہنچ کر تمام مسافروں کو بچا کر آگ پر قابو پالیا آتشزدگی سے بس جل کر تباہ ہوگئی، بس میں 40 مسافر سوار تھے جو کراچی سے بہاولنگر جارہے تھے، موٹروے پولیس نے تمام مسافروں کو دوسری بس سے ذریعے بھیج دیا گیا۔

بقیہ 22

میں ملوث 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں عبدالقیوم اور عین الدین شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ موٹر سائیکل، پیٹر انجن اور موبائل فون کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 3000 روپے برآمد ہوا، ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایچ او صدر واہ اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 23

حوالے سے عام بحث بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔

بقیہ 24

اور ایک بیٹی کو زہریلی گولیاں کھلائیں، جس کے بعد خود بھی گولیاں کھالیں۔ خاتون کے 2 بچے اسکول گئے، جہاں پر ان کی حالت غیر ہوگئی، بچوں کو اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے دونوں بچوں کی جان بچالی۔ خاتون اور اس کی 16 سالہ بیٹی زہریلی گولیاں کھانے سے گھر میں ہی دم توڑ گئے تھے۔ پولیس نے مزید بتایا کہ خاتون کا شوہر فرانس میں ہے اور خاتون سے فون پر گفتگو کے دوران جھگڑا ہوگیا تھا۔

بقیہ 25

ڈائریکٹر، TEVTA جھنگ، قطار احمد پرنسپل گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹوٹ جھنگ اور ظہیر الدین بابر پرنسپل ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ جھنگ تھے۔ جنھوں نے پروبیشنرز کو ہنرمندی اور فنی تربیت کے متعدد مختصر اور طویل کورسز کے حوالے سے ایک مکمل آگاہی سیشن دیا۔ پروبیشن آفیسر اختر عباس نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معمولی جرائم میں ملوث افراد کی بحالی کے لیے فنی تربیت کی انسانی زندگی میں افادیت بارے آگاہی دے کر پروبیشن پر رہا ہونے والے ملزمان کی ذہن سازی کر کے انھیں جرائم کی دنیا سے نکال کر معاشرے کا مفید شہری بنانے کے ساتھ ساتھ پروبیشن پیریڈ کے دوران قیدیوں کو ہنر کی فراہمی، ان کی ذہنی صحت، سماجی ضروریات کی تشخیص بھی کی جاتی ہے۔ معمولی جرائم میں ملوث افراد کو معاشرے کا کارآمد شہری اور قانون کا پابند بنانے کے لیے مضبوط فنی سیاسی، سماجی مدد کی ضرورت ہے۔

بقیہ 26

عدالت عظمیٰ نے آئین پاکستان کی رو سے اردو زبان کو قومی دفتری سرکاری ہر سطح پر نافذ کرنے کا تاریخی فیصلہ صادر فرمایا قائداعظم کے فرمان، دستور کی شق 251 کی منشا اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے باوجود مقتدر اشرافیہ قومی زبان کے نفاذ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے جس کی وجہ سے نئی نسل سوچ بچار فہم وتدبر کی صلاحیتوں سے محروم ہے ڈاکٹر حمیرا طارق نے آئین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آئین کی شق 251 پر من وعن عمل درآمد کرکے تمام دفتری نظام اور نصاب تعلیم اردو میں تشکیل دے کر نافذ العمل بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے تحقیق اور تخلیق کی زبان ایک ہوتب ہی قوم ترقی کرسکتی ہے ۔ اردو اس وقت دنیا کی دوسری بڑی زبان ہونے کا درجہ رکھتی ہے۔ جبکہ اردو زبان ہی پاکستانی کا اصل اثاثہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اردو زبان کے عملی نفاذ کے حوالے سے سابقہ حکومتوں کے بیانات حوصلہ افزاء رہے مگر ان بیانات کو عملی جامہ پہنانے کی کاوشیں مفقود رہیں۔ موجودہ حالات کی ضرورت اور تقاضا ہے کہ قومی زبان کو فی الفور سرکاری، عدالتی زبان اور ذریعہ تعلیم کے طور پر نافذ کیا جائے تاکہ ملک معاشی ومعاشرتی ناہمواری کی کیفیت سے باہر نکلے۔ #

بقیہ 27

ملکی ترقی کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ایک انٹرویو میں اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے حکومت آئی پی پیز سے معاہدوں پر نظرِ ثانی کے لیے مذاکرات کر رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاور پروڈیوسرز اور حکومت یہ بات سمجھتے ہیں کہ موجودہ صورتِ حال برقرار نہیں رہ سکتی، تمام اسٹیک ہولڈرز کو خاص حد تک کاروباری سمجھوتہ کیے بغیر جلد رعایت فراہم کرنا ہو گی۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا پاکستان میں بجلی کی قیمتوں کا موجودہ نظام ناقابلِ برداشت ہے، بجلی کے موجودہ نرخ سے ملکی ترقی کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ اویس لغاری نے پاور کمپنیوں کو معاہدے کا کوئی نیا مسودہ یا خاص شرائط بھیجنے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نئے معاہدے کے لیے آئی پی پیز کو مجبور نہیں کرے گی بلکہ معاہدے میں تبدیلیاں باہمی رضامندی سے ہوں گی۔

بقیہ 28

پیش کیا ہے۔ یوم بحریہ پر اپنے خصوصی پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ 8 ستمبر ہماری دفاعی تاریخ کا ایک اور عظیم الشان و یادگار دن ہے، 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ کے سرفروشوں نے دشمن کی سمندری طاقت کا غرور ملیامیٹ کیا۔ انہوں نے کہا کہ 8 ستمبر بھی قربانیوں، لازوال جذبوں اور غیر معمولی کارناموں کی تاریخ سموئے ہوئے ہے، بری، فضائی کی طرح بحری فوج نے بھی جوانمردی سے دشمن کو پسپا کیا، پاک بحریہ کے جانبازوں نے سمندری حدود کا دفاع کرتے ہوئے دشمن کو شکست دی۔ سمندری سرحدوں کی حفاظت کرنے والے پاک بحریہ کے افسر اور جوان ہمارا فخر ہیں، 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ کے ناقابل فراموش کردار کو سنہری حروف سے تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاک بحریہ ہر قسم کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، نیوی ڈے پاک بحریہ کے بہادر سپوتوں کے عظیم کارناموں کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، پاک بحریہ 8 ستمبر 1965 کے جذبے کو زندہ جاوید رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 29

میں منشیات کا استعمال کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہی ہوتا جائے گا۔ آئس کا نشہ نوجوانوں کو ذہنی طور پر پاگل اور مفلوج کر رہا ہے، قومی اور صوبائی حکومتیں اور ادارے اگر اب بھی نہ حرکت میں نہ آئے تو بڑی خوفناک صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔

بقیہ 30

قانون کے شکنجے میں نہیں لایا جاتا یہ لعنت پاکستان سے ختم نہیں ہوسکتی۔ سکول، کالج اور یونیورسٹی سطح تک یہ دھندہ جاری ہے، نوجوان نسل اپنی اصل ڈگر سے ہٹتی جارہی ہے، عزت واحترام اور حیا نام کی چیز اس دنیا سے رخصت ہوگئی ہے، آئس کے نشے کو بڑھنے سے روکنا ہے نہیں تو ہماری آنے والی نسلیں ہمیں کبھی بھی معاف نہیں کریں گی، انہوں نے مزید کہا کہ ہر گلی، محلے میں جگہ جگہ منشیات کے اڈے قائم ہیں یہاں دیدہ دلیری سے یہ کاروبار عروج پر ہے قانون نافذ کرنے والوں کو ان اڈوں کے خلاف فوری طور پر کارروائی عمل میں لانا ہوگی۔

بقیہ 31

ہیں، ان کو استعمال کرنے والے شوگر، دل، گردہ، معدہ کے امراض کا شکار ہو کر صحت بھی اور اپنا سرمایہ بھی ضائع کر رہے ہیں، اناج اور دالوں میں موجود فائبر، نظام انہظام کو بہتر بنانے میں قدرتی تحفہ ہیں، فیصل آباد میں خوراک میں بے دریغ ملاوٹ کی جا رہی ہے جس کے خاتمے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی عوام کو ملاوٹ مافیا سے بچانے کے لیے دن رات محنت کر رہے ہیں، انہوں نے طالبات سے اپیل کی کہ وہ فاسٹ فوڈ سے جتنا ہو سکے پرہیز کریں ، سادہ خوراک ہی اچھی صحت کی ضامن ہے، بازاری کھانے سوائے چٹخاروں کے اور کچھ نہیں، اگر ان کو بناتے ہوئے کوئی طالبہ دیکھ لے تو شائید وہ زندگی بھر پھر کبھی بازاری کھانوں کو نام ہی نہ لے، اپنی زندگی میں سادہ خوراک استعمال کریں، بازار سے کھانے پینے کی اشیاء خریدتے وقت ان کے بند پیکٹوں پر تیاری اور اس کی اختتامی مدت تاریخ کو لازمی چیک کریں، اچھی خوراک اچھی شخصیت کی آئینہ دار ہوتی ہے، خواتین کے لیے لازمی ہے کہ اپنے بچوں، بھائیوں اور شوہر کو کسی حالت میں بھی ناشتہ کے بغیر گھر سے نہ نکلنے دیں، محمد ارشد قاسمی نے کہا کہ خوراک استعمال کے حوالے سے کائنات کے سب سے بڑے انسان ہادی عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خوب روشنی فراہم فرمائی ہے کہ کھانا کھانے سے قبل اچھی طرح ہاتھوں کو صاف اور صبح کسی برتن کو بھی بغیر صاف پانی دھوئے استعمال نہ کریں، چبا چبا کر خوراک استعمال کرنے والے متعدی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں

بقیہ 32

برقرار رکھنے کے لئے تجاوزات کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ پیدل چلنے والوں اور ٹریفک کے بلاتعطل بہاؤ کے لئے دکاندار تجاوزات قائم کرنے سے باز رہیں۔ بصورت دیگر نہ صرف تعمیرات مسمار بلکہ سامان بھی ضبط اور ناقابل واپسی ہوگا اور قانونی کارروائی کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 33

مدینہ ٹاؤن میں 3 کس ملزمان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج تھا۔ ملزمان توصیف، عتیق اور نبیل نے پراپرٹی کے تنازع پر باپ نوازش علی ولد غلام صابر ساکن 112 ر۔ب گٹ والا کو فائرنگ کر کے قتل کردیا تھا۔ سی پی او کامران عادل نے واقعے میں ملوث دیگر 2 ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔

بقیہ 34

میں بخت جمال، حمزہ آیت اللہ اور فیصل شامل ہیں۔ سی ٹی ڈی حکام نے کہا کہ دہشت گرد مختلف شہروں میں کالعدم تنظیموں کے ایجنڈے پر کام کر رہے تھے، گرفتار دہشت گرد حساس مقامات کی ریکی کرکے دہشت گردی کا منصوبہ بنا چکے تھے، دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، اسلحہ، ہینڈ گرنیڈ اور رقم برآمد ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 35

اور کرانے والوں کو جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں ایک تماشہ کیا گیا، خیبر پختونخوا کے لوگوں کو نئے پاکستان کے نام پر ٹیکہ لگا، خیبر پختونخوا کے لوگوں کو وہاں سے اٹھا کر جلسے میں لایا گیا، اللہ جانے جلسے میں شرکت کرنے کا کیا ریٹ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کی بدقسمتی ہے ان کو علی امین گنڈاپور ملے ہیں، اگر یہ تماشے اور ڈرامے کرنے ہیں تو کے پی میں ہی کرلو، تماشہ اسلام آباد میں لگانے کی کیا ضرورت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ یہ کہتے ہیں حقیقی آزادی چاہیے، کس سے چاہیے آپ کو حقیقی آزادی؟ امریکہ کے آپ پاؤں پڑ رہے ہیں، اسٹیبلشمنٹ سے آپ کو بات کرنی ہے، موصوف تاریخ کے انوکھے سیاستدان ہیں، نیب کے نئے قانون سے ریلیف مانگنے کیلئے بانی پی ٹی آئی کی پہلی درخواست آئی ہے، بانی پی ٹی آئی کو این آر او نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ کل ایک اخبار دیکھا، اسرائیلی بھی بانی پی ٹی آئی کی محبت میں مرے چلے جا رہے ہیں، کسی کو بھی فتنہ، فساد اور انتشار کی اجازت نہیں دی جائے گی، پی ٹی آئی کے جلاؤ گھیراؤ کرنے پر کل بھی اعتراض تھا آج بھی ہے، ان کا اسلام آباد کا جلسہ صرف عمران خان کی رہائی کیلئے ہے، بانی پی ٹی آئی نے جلسے جلسوں سے نہیں عدالتی فیصلوں سے باہر آنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست سوئی نہیں ہوئی جو بھی جلسہ کرنے آرہے ہیں ان کو قانون کے مطابق آنا ہوگا، حالات خراب کرنے کے علاوہ آپ کو سب کچھ کرنے کی اجازت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے دعوی کیا کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کو سیف ہاؤس دیئے گئے ہیں، یہ ریاست کے لئے لمحہ فکریہ ہے، 9 مئی میرا یا مسلم لیگ (ن) کا ذاتی مسئلہ نہیں، ملکی سلامتی کے خلاف بغاوت ہے، 9 مئی کرنے اور کرانے والوں کو جواب دینا ہوگا۔ صوبائی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ گزشتہ حکومت نے آتے ہی بلدیاتی اداروں پر شب خون مارا تھا، مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں جلد بلدیاتی انتخابات ہوں گے۔ مولانا فضل الرحمان ہمارے بڑے ہیں کچھ بھی کہہ سکتے ہیں، مولانا فضل الرحمان نے فلور آف دی ہاؤس کہا کہ حکومت کو فوری گرانا ٹھیک نہیں۔ پنجاب حکومت کے نیوٹریشن پروگرام کے حوالے سے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت نے کچھ دن قبل ڈی آئی خان سینیوٹریشن اینڈ میل پروگرام کا آغاز کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز اس مسئلے پر بہت سنجیدہ تھیں، کچھ لوگوں کو نیوٹریشن اینڈ میل پروگرام پر بھی اعتراض ہو رہا ہے، ان کے گند کھیرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ان کی بیگمات بھی قومی خزانے سے لوٹتی رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم سے پہلے ایک وسیم اکرم پلس نام کی شخصیت موجود تھی، آج کل وہ مسٹر بین اور چارلی چیپلن کی شکل میں نظر آتے ہیں، ڈی جی خان کے لوگوں کو ان سے کوئی سہولت نہیں ملی۔

بقیہ 36

کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ معلومات فراہم نہیں کی جاسکتیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان انفارمیشن کمیشن نے بھی وزارت داخلہ کو مذکورہ معلومات فراہم کرنے سے استثنیٰ دے دیا۔ پی ٹی اے نے جواب دیا ہے کہ وزارت داخلہ وفاقی حکومت کے احکامات پر ہدایات جاری کرتی ہے، پی ٹی اے ان ہدایات پر عمل درآمد کی پابند ہے، قومی سلامتی اور سکیورٹی صورتحال کے تحت سروسز بند کی جاتی ہیں۔

بقیہ 37

کا مظہر ہیں۔ انہوں نے ترکیہ کے ساتھ دوطرفہ عسکری اور فضائی تعاون، بالخصوص دفاعی پیداوار اور نیکسٹ جنریشن ایرو اسپیس ٹیکنالوجی میں موجودہ شراکت داری کو فروغ دینے کے اپنے غیر متزلزل عزم کا اظہار کیا۔ ایئر چیف نے برادرانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کی اہمیت پر روشنی ڈالی جو مشترکہ چیلنجز کا سامنے کرنے کے لیئے دونوں ممالک کے باہمی اتحاد کو تقویت دیتے ہیں۔ انہوں نے دفاع اور ہوا بازی کے شعبوں میں تعاون کے لیئے نئی راہیں استوار کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔ صدر اردگان نے پاک فضائیہ کی قیادت کی جانب سے ملٹی ڈومین صلاحیتوں کے حصول کے لیئے طے کردہ لائحہ عمل کے عین مطابق سائبر، اسپیس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور الیکٹرانک وارفیئر جیسی جدید ٹیکنالوجیز میں پاک فضائیہ کی جانب سے کی گئی غیر معمولی پیشرفت کی تعریف کی۔ صدر اردگان نے پاکستان کی ایرو اسپیس انڈسٹری کی جانب سے ڈیزائن، تحقیق اور سافٹ ویئر ڈویلپمینٹ کے شعبوں میں گزشتہ چند برسوں کے دوران کی گئی پیش رفت اور KAAN کے نام سے شروع کیئے گئے نیکسٹ جنریشن فائٹر پروگرام میں سافٹ ویئر انٹیگریشن، ڈیزائن اور ڈویلپمینٹ میں پاک فضائیہ کی جانب سے فراہم کردہ تعاون کو سراہا۔ انہوں نے دونوں ممالک کی ملٹی ڈومین صلاحیتوں کو تقویت دینے کے لیئے پاکستان میں تیار کردہ مہلک ڈسرپٹو ٹیکنالوجیز میں تعاون کا بھی ذکر کیا۔ ترک صدر نے اس خواہش کا بھی اظہار کیا کہ ایرو اسپیس انڈسٹری میں تعاون کے لیئے موجودہ جوائنٹ ورکنگ گروپ فالو اپس سہ ماہی کی بجائے ماہانہ بنیادوں پر کرنے کے لیئے جلد از جلد سفارتی سطح پر ایک فریم ورک پر دستخط کیئے جائیں گے۔ قبل ازیں ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل ضیاء کمال کادیوگلو، چیف آف ترک جنرل سٹاف جنرل متین گوراک اور ترکیہ کے وزیر برائے قومی دفاع جنرل یاسر گولیر سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں جن سے دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ سربراہ پاک فضائیہ کا ترکیہ کا یہ تاریخی دورہ دونوں برادر ممالک کے مابین موجودہ تعلقات کو مستحکم کرے گا۔ یہ دورہ دونوں ممالک کی جانب سے ایک محفوظ اور خوشحال خطے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 38

گئے، جبکہ فیض آباد انٹرچینج کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ ایکسپریس ہائی وے کھنہ پل کے مقام پر کنٹینر لگا کر بند کردی گئی، ایکسپریس ہائی وے کی بندش سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ جلسے کے پیش نظر میٹرو بس سروس مکمل بند کر دی گئی، انتظامیہ کے مطابق میٹرو بس سروس راولپنڈی صدر سٹیشن سے پاک سیکرٹریٹ تک بند کی گئی ہے۔

بقیہ 39

پاک فوج نے فتح کی صورت میں یہ پیغام دیا کہ پاکستان کی جانب جو بھی میلی آنکھ سے دیکھا گا۔ اسے شکست فاش کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یہ بات گزشتہ روز راولپنڈی آرٹس کونسل میں یوم دفاع کے موقع پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے منعقدہ ایک پر وقار تقریب کے دوران کہی گئی۔ تقریب کا اہتمام فنکاروں کی آواز معروف مصنفہ، ہدایت کارہ و ڈولفن کمیونیکیشن کی چیئرپرسن عاصمہ بٹ کے زیر انتظام کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و چیئرمین سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس سینیٹر ناصر محمود بٹ تھے۔ میزبانی کے فرائض ناصر اسلم راجہ نے انجام دیے۔ اس موقع پر نامور فنکاروں رئیس خان، انجم حبیبی، طاہر صدیقی، افضال لطیفی، سپنا شاہ، جھلک علی، صوفیہ، عمران رشدی، ممتاز خان، ارشد خان، بادل راجہ، بابائے فنکار راشد محمود، سابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ خالد جاوید، نعیم پاشا، سیاسی، سماجی، تجارتی و مختلف مکتبہ فکر سے جڑی شخصیات کی کثیر تعداد نے خصوصی شرکت کی۔ فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے جڑواں شہروں کے فنکاروں نے مصنف و ہدایت کار اسلم مغل کی تصنیف "اے پتر ہٹاں تے نہیں وکدے" پر مشتمل ڈرامہ بھی پیش کیا۔ سینیٹر ناصر محمود بٹ اور عاصمہ بٹ نے سینیئر صحافی شکیل مرزا، ذوالفقار بیگ سمیت ملک کا نام روشن کرنے والی مختلف مکاتب فکر سے منسلک شخصیات کی حوصلہ افزائی کے لیے انھیں میڈلز پیش کیے۔ فنکاروں نے یوم دفاع کے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کیا۔ اس موقع پر فنکاروں، تاجر برادری، سیاسی و سماجی شخصیات نے شہداء پاکستان اور ملک کی خوشحالی، تعمیر وترقی میں اپنا نمایاں کردار ادا کرنے والے ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا۔ سپر سٹار میگھا اور شیبا بٹ نے ملی نغمے پیش کر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ سینیٹر ناصر محمود بٹ اور عاصمہ بٹ نے فنکاروں کے ساتھ مل کر افواج پاکستان کی سربلندی اور کامیابی کے نعرے لگائے۔ سینیٹر ناصر محمود بٹ نے کہا کہ ہم فوج کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ ہم فوج کو سلام پیش کرتے ہیں جو اپنے جان ومال کی پرواہ کیے بنا پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ سینیٹر ناصر محمود بٹ نے کہا کہ ہم چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کے ساتھ اظہار یک جہتی کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی کریں گے۔ شہداء کے اہل خانہ کے ہر دکھ میں ان کے ساتھ ہیں۔ پاک فوج ہمارا مان، شان، ہماری طاقت اور ہمارا غرور ہے۔ ہم پاک فوج کو سیلوٹ پیش کرتے ہیں۔ پاکستان سلامت رہے لیکن اگر کبھی مشکل وقت آیا تو پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی۔ تقریب کے اختتام پر سینیٹر ناصر محمود بٹ، عاصمہ بٹ، فنکاروں اور دیگر شرکاء کے پرشگاف نعروں "پاکستان زندہ باد" سے فضا گونج اٹھی۔

بقیہ 40

نہیں، اس لیے پنجاب کی تمام سڑکیں خالی ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ سابق صدر عارف علوی نے جنید اکبر کے نام سے 14 اگست کی ویڈیو شیئر کی جو کشمیر کی ہے، عارف علوی جیسے شخص کو بھی نمبر ٹانگنے کے لیے پرانی ویڈیو شیئر کرنی پڑ رہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ شہباز گل اور اس جماعت کے یوٹیوبر بھی اگست کے مہینے کی ویڈیو اور تصویر شیئر کررہے ہیں۔

بقیہ 41

ٹیم نے 10 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 4 لاکھ روپے کا جرمانہ لگایا۔ گوجرانوالہ میں 02 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 01 کنکشن منقطع کیا گیا اور 2 لاکھ 70 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔

بقیہ 42

پاؤنڈ کا مجرم دوسروں پر کیچڑ اچھالنے کی آڑ میں خود این آر او لے کر بھاگنا چاہتا ہے، ہر روز این آر او کی بھیک مانگتا ہے لیکن جرم کا حساب نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ جن کو چور کہتا تھا وہ اِس شخص کے ہوتے ہوئے اِس کے ظلم کا نشانہ بنے ،انہوں نے اپنے پر لگے ہر الزام کا جواب دیا، قید کاٹی اور عدالتوں سے سرخرو ہوئے لیکن این آر او کی بھیک نہیں مانگی۔

بقیہ 43

دھوئیں کے اخراج پر چھاپوں کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈرون کے ذریعے دھواں پھیلانے اور ماحولیاتی قانون پر عمل نہ کرنے والی فیکٹریوں کا سراغ لگایا گیا۔ شیخوپورہ روڈ گوجرانوالہ پر دو فیکٹریوں پر محکمہ ماحولیات کی ٹیم نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ چھاپا مارا اور ماحولیاتی آلودگی کا سبب بننے والی بھٹی گرا کر فیکٹریاں سیل کر دی گئیں۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب نے محکمہ ماحولیات اور ضلعی انتظامیہ کو شاباش دی اور کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سموگ آنے سے پہلے پیشگی بچاؤ مہم مزید تیزی سے آگے بڑھائیں گے۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب نے کہا کہ سموگ کا سبب بننے والی وجوہات کا خاتمہ کرنا ہوگا اور سموگ ہر سال اڑھائی لاکھ لوگوں کی جان چھین لیتی ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ اڑھائی لاکھ زندگیاں چھیننے والی سموگ کے خاتمے کی مہم میں پنجاب کا ہر شہری مدد کرے۔

بقیہ 44

لاہور سرکل نے انٹیلی جنس ایجنسیوں کی نشاندہی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ کا بین الاقوامی نیٹ ورک رنگے ہاتھوں پکڑا، نیٹ ورک سادہ لوح عوام کو بیرون ملک روزگار کا جھانسہ دے کر لوٹنے میں ملوث تھا۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ گروہ نے سادہ لوح عوام سے کروڑوں روپے ہتھیا لیے، گروہ جعلی دستاویزات کی تیاری میں مہارت رکھتا تھا، انسانی سمگلنگ کے گروہ کا اپنا پرنٹنگ پریس تھا، پرنٹنگ پریس میں کئی ملکوں کی جعلی دستاویزات تیار کی جاتی تھیں۔ حکام کے مطابق مختلف ممالک میں سیاسی پناہ لینے والے افراد بھی اس گروہ سے معاونت لیتے رہے، نیٹ ورک کا بین الاقوامی ڈنکی گروہوں سے بھی رابطے کا انکشاف ہوا ہے، مجرمانہ سرگرمیوں میں بھارتی اور افغانی باشندے ملوث ہیں۔ دورانِ تفتیش پاکستان کو بدنام کرنے کی بھارتی سازش بھی بے نقاب ہوگئی، مزید گرفتاریاں بھی متوقع ہیں، تفتیش کے بعد ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیٹ ورک کو قانون کی گرفت میں لانے پر انٹیلی جنس ایجنسی اور ایف آئی اے لاہور کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب آپریشن انسانی سمگلنگ کے خلاف پاکستان کی کارروائیوں میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ انٹیلی جنس ایجنسی کی معلومات پر ایف آئی اے لاہور نے کامیاب آپریشن کیا جس پر مبارکباد دیتا ہوں، انسانی سمگلنگ روکنے کے اس طرز پر مزید آپریشن جاری رکھے جائیں گے، انسانی سمگلنگ کے خاتمے کیلئے آخری حد تک جائیں گے، انسانی سمگلنگ میں ملوث مافیا سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 45

کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ناخواندگی کے مسئلے کے پیش نظر قومی تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کیا، تعلیمی ایمرجنسی کا مقصد سکول نہ جانے والے بچوں کو سکولوں میں داخل کرنا اور 7 کروڑ بالغ افراد کو تعلیم دینا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر خواندہ شہری سے اپیل ہے کہ وہ کم ازکم ایک ناخواندہ شخص کو تعلیم دے، خواندگی میں اضافے کیلئے بینظیر تعلیمی وظائف دیئے جارہے ہیں، مستحق بچوں کو اعلیٰ ثانوی سطح تک تعلیمی وظائف کی صورت میں مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ تمام اضلاع میں لڑکوں کیلئے 4000 اور لڑکیوں کیلئے 4500 روپے تک فی سہ ماہی وظیفے دیئے جارہے ہیں، اس وقت 97 لاکھ بچے بینظیر تعلیمی وظائف پروگرام سے مستفید ہو رہے ہیں۔ آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ کم آمدنی والے خاندانوں کے طلبہ کو 102,000 انڈر گریجویٹ سکالرشپس دی گئی ہیں، ہمیں تعلیم کے عالمگیر حق کے فروغ کے قومی مقصد کیلئے خود کو دوبارہ وقف کرنا ہوگا، ملک کے مستقبل کی تشکیل میں ہر فرد کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔۔۔وزیراعظم شہباز شریف۔۔ عالمی یوم خواندگی پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ خواندگی ایک بنیادی انسانی اور آئینی حق ہے، تعلیم اور خواندگی ہمارے ملک کے مستقبل کی ضمانت ہیں، خواندگی محض پڑھنے لکھنے کی صلاحیت نہیں ہے، یہ بااختیار بنانے، اقتصادی مواقع اور معاشرے میں فعال شرکت کا ایک گیٹ وے ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم تعلیم کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، ہم ایک زیادہ باخبر اور پائیدار قوم کیلئے کوشاں ہیں، تعلیم ہمارے معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہے، اس مقصد کیلئے ہم نے ملک بھر میں تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کرتے ہوئے طلبہ کے اندراج کی مہم شروع کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس تیزی سے ابھرتی ہوئی دنیا میں ٹیکنالوجی کے مطابق خواندگی اور مہارتوں کی ترقی ناگزیر ہے، حکومت ایک جامع منصوبہ پر عمل پیرا ہے جس سے ٹیکنالوجی ہمارے تعلیمی نظام میں ضم ہو جائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آیئے سب کیلئے خواندگی اور تعلیم کو فروغ کیلئے بحیثیت قوم مل کر کام کریں اور اپنے بچوں اور اپنے ملک کا روشن مستقبل بنائیں۔

بقیہ 46

کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ معلومات فراہم نہیں کی جاسکتیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان انفارمیشن کمیشن نے بھی وزارت داخلہ کو مذکورہ معلومات فراہم کرنے سے استثنیٰ دے دیا۔ پی ٹی اے نے جواب دیا ہے کہ وزارت داخلہ وفاقی حکومت کے احکامات پر ہدایات جاری کرتی ہے، پی ٹی اے ان ہدایات پر عمل درآمد کی پابند ہے، قومی سلامتی اور سکیورٹی صورتحال کے تحت سروسز بند کی جاتی ہیں۔

بقیہ 47

بحریہ کو سلام پیش کرتی ہوں، قوم پاکستان نیوی کے جانبازوں کے کارناموں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8 ستمبر کا دن پاک بحریہ کے سرفروشوں کی قربانیوں اور غیر معمولی کارناموں کی یاد دلاتا ہے، 1965 اور 1971 میں پاک بحریہ نے دشمن کو ناکوں چنے چبوائے، پاک بحریہ کے جانبازوں نے جنگ کے دوران سمندری حدود کا دفاع کرتے ہوئے دشمن کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی سمندری حدود کی حفاظت کرنے والے پاک بحریہ کے افسر اور جوان ہمارا فخر ہیں، دفاع وطن میں پاک بحریہ کے ناقابل فراموش کردار کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، پاکستان نیوی خطے میں باصلاحیت اور متحرک پروفیشنل بحری فورس بن کر ابھری ہے۔

بقیہ 48

سڑک کنارے روایتی پیالہ ہوٹل پر رک گئیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چارپائی پر بیٹھ گئیں اور ڈیرہ غازی خان کی روایتی چائے نوش کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مزیدار چائے کو سراہا اور اس دوران شہریوں سے بات چیت بھی کی اور مختلف امور کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈیرہ غازی خان کے شہریوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بجلی کے بل دکھا کر 14 روپے فی یونٹ کمی پر شکریہ ادا کیا۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے، آپ نے بجلی بل کم کر کے غریبوں کی دعائیں لی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بتایا کہ نواز شریف کو عوام کے بجلی بلوں کی بہت فکر ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور میں آپ کو ریلیف دے رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید بتایا کہ آٹا، چینی، گھی، دالیں اور سبزیاں سستی ہونے سے مہنگائی میں کمی ہوئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مزید ریلیف دینے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 49

کوتاہی کی گنجائش نہیں ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری کی ہدایات کے مطابق تمام افسران محکمانہ فرائض کی ادائیگی کیلئے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ تمام شعبے کے ڈائریکٹرز اپنے متعلقہ شعبوں کی کارکردگی بہتر کرنے میں اپنا اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 50

کا دور ہے، نان فارمل سکولوں کو بھی ڈیجیٹل لٹریسی کی طرف لے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم خواندگی کے حوالے سے منعقدہ مرکزی تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ لٹریسی ڈے منانے کا مقصد نان فارمل سکولوں کے اساتذہ و طلبہ کا مورال بلند کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلد آفٹر نون سکول پروگرام بھی شروع کیا جا رہا ہے جبکہ آؤٹ آف سکول بچوں کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے لانگ ٹرم منصوبہ بندی کی بھی ضرورت ہے جس کیلئے حکمت عملی وضع کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری لٹریسی حیدر اقبال کا کہنا تھا کہ نان فارمل سکولوں کے اساتذہ کا معاوضہ ڈیڑھ گنا بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ ویلز آن لٹریسی پراجیکٹ اور اڈلٹ لٹریسی سنٹرز کا آئندہ سال سے آغاز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگلے سال کے آغاز سے 11260 اڈلٹ لٹریسی سنٹرز شروع کئے جائیں گے جن میں افراد کو زراعت، مائننگ، آئی ٹی اور فشریز سمیت دیگر عنوانات پر مشتمل 6 ماہ کے فنی کورسز کروائے جائیں گے۔ دوسری جانب 470 ایلیمنٹری سکولوں میں بھی مڈل ٹیک ایجوکیشن کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ یہ 3 سالہ ٹیکنیکل کورسز طلبہ کو ڈیڑھ سال میں کروائے جائیں گے۔ اس موقع پر محکمہ لٹریسی اور ٹیوٹا کے درمیان ایم او یو بھی سائن کیا گیا۔ تقریب میں نان فارمل سکولوں کے اساتذہ، لٹریسی موبلائزرز، ٹرینرز اور مانیٹرز کو بھی خصوصی ایوارڈز دیئے گئے جبکہ 300 سے زائد اساتذہ میں ٹیبلٹس بھی تقسیم کئے گئے۔ وزیر تعلیم نے کچے کے علاقہ میں لٹریسی سنٹرز چلانے والے اساتذہ کی کاوشوں کی بھی تحسین کی۔

بقیہ 51

فراہم کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سو فیصد خواندگی حاصل کیے بغیر ہم روشن مستقبل کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتے۔ تعلیم تک رسائی آسان بنانے کیلئے حکومت پنجاب تاریخی اور اختراعی اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر سکول نیوٹریشن پروگرام کے تحت تین اضلاع کے چار لاکھ طلبہ کو دودھ کے پیکٹ دئے جارہے ہیں۔ طلبہ کو تعلیم و تحقیق میں معاونت کے لئے لیپ ٹاپ دے رہے ہیں۔ پنجاب کے طلبہ کو ملکی اور غیر ملکی یونیورسٹیوں میں سکالرشپ دینگے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ طلبہ خاص طور پر طالبات کو آمد ورفت میں آسانی کے لئے ہر تحصیل میں بسیں مہیا کرینگے۔ انرولمنٹ کیمپین کے تحت بچوں کے داخلے کئے جارہے ہیں۔

بقیہ 52

معاہدے بارے گفتگو ہوئی۔ بتایا گیا ہے کہ مذاکرات معاہدے پر عملدرآمد بارے آگاہی دینے کیلئے وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ پر مشتمل دور کنی حکومتی وفد منصورہ کا دورہ کرے گا۔ ٹیلیفونک گفتگو کے دوران نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ وفاقی حکومت انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے طلبہ کے مسائل حل کرے جس پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے طلبہ کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرادی۔

بقیہ 53

سی ہیڈ کوارٹر پر حملے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 4 خوارج کے ایک گروپ نے مہمند میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر حملے کی کوشش کی، جوابی کارروائی میں چاروں خوارج خودکش بمبار مطلوبہ نقصان پہنچانے سے پہلے ہی مارے گئے، ہلاک حملہ آوروں کے قبضے سے خودکش جیکٹس، ڈیٹونیٹر، اسلحہ اور بارودی مواد برآمد ہوا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق علاقے میں پائے جانے والے دیگر خارجی دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کی لعنت کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع مہمند میں خارجی دہشتگردوں کی فرنٹیئر کور ہیڈ کوارٹر پر حملے کی کوشش ناکام بنانے پر پاک فوج کے افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت سے کیمپ پر حملہ آور ہونے والے چار خودکش خارجیوں کو ہلاک کیا، مجھ سمیت پوری قوم پاک فوج کے بہادر افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کیخلاف جنگ جاری رکھیں گے، پاک فوج کے افسران و جوان فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں سے پاکستان کی مٹی کو پاک کرنے کیلئے مصروفِ عمل ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی مہمند میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے تاریکی میں حملہ کرنے والے بزدل دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا، بہادر سپوتوں نے فتنہ الخوارج کے 4 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرکے عبرتناک انجام تک پہنچایا، حملہ ناکام بنانے اور دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی ٹیم کو شاباش دیتا ہوں۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے ناپاک وجود کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے ہمیشہ بروقت ایکشن کر کے دہشتگردوں کی کارروائیوں کو ناکام بنایا ہے جس پر قوم بجاطور پر فخر کرسکتی ہے۔

بقیہ 54

کی معاونت سے تیار کردہ پروجیکٹ محکمہ بہبود آبادی کو درپیش دیرینہ چیلنجز جیسے کہ دستی عمل، جوابدہی کی کمی اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک محدود رسائی میں معاون ثابت ہوگا۔ یہ جامع نظام عمل کو خودکار بنانے، ریکارڈز کو ڈیجیٹائز کرنے، ہیڈکوارٹر اور فیلڈ دونوں سطحوں پر آپریشنز میں مددگار ثابت ہورہا ہے۔ اس منصوبے میں کئی اختراعی خصوصیات شامل ہیں جن کا مقصد عوامی مشغولیت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔ ان میں ایک پبلک کنسلٹیشن سروس شامل ہے جو افراد کو ایک مخصوص موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے گمنام طور پر فیملی پلاننگ کنسلٹنٹس سے مشورہ لینے کی اجازت ہوگی اور اطمینان کا اندازہ لگانے اور سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے کلائنٹ فیڈ بیک میکانزم، سروس ڈیلیوری کو بڑھانے کے علاوہ، پروجیکٹ انتظامی عمل کو مضبوط بنانے پر توجہ، مالیاتی انتظام، فائل مینجمنٹ، اور حاضری کی نگرانی کو ڈیجیٹائز کرنے پر مرکوز کرے گا۔ ان تمام عمل سے محکمے کی کارکردگی، جوابدہی، اور فیصلہ سازی کو بہتر بنادیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے کہا کہ اس پراجیکٹ کو صوبائی ترقی کی حکمت عملی کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، جس میں انسانی سرمائے اور پائیدار ترقیاتی کے اہداف کے حصول پر زور دیا گیا ہے۔ اچھی صحت، خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی کوریج پر اثرات اور مانع حمل کی شرح میں بہتری کے ذریعے پنجاب کے لوگوں کی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کرنا ہے۔ اس منصوبے کے کامیاب نفاذ سے پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کو جدید، موثر عوامی خدمات کی فراہمی کے ماڈل میں تبدیل کرنے کے خواب کی تعبیر ممکن ہوگئی ہے۔

بقیہ 55

کو نیست و نابود کرنے کے گھناؤنے منصوبے کے تحت بھارت نے بری، فضائی اور بحری حملوں کے ذریعے پاکستان کو کاری نقصان پہنچانے کی کوشش کی تاہم بزدل بھارت کے جنگی جنون کو اس وقت پستی کا سامنا کرنا پڑا کہ جب افواج پاکستان کے باحوصلہ، دلیر، نڈر اور جذبہ شہادت سے سرشار سپاہیوں نے بھارتیوں کے دانت کھٹے کر دیے۔ سات اور آٹھ ستمبر کی درمیانہ شب پاک بحریہ کا بھارتی نیول بیس دوارکا پر حملہ کیا، آپریشن سومنا تھ میں پاک بحریہ کے سات جنگی جہازوں نے حصہ لیا، حصہ لینے والوں میں پی این ایس بابر، خیبر، بدر، جہانگیر، عالمگیر، شاہجہان اور ٹیپو سلطان شامل تھے۔ صرف چار منٹ میں بھارتی نیول بیس آگ کا ڈھیر ہوگیا، پاک بحریہ کی شدید بمباری سے بھارتی ایئر فورس کا ریڈار بھی زمین بوس ہوگیا، پاک بحریہ کے نڈر اور اپنے پانیوں سے 120 میل دور بھارتی سرزمین پر حملے نے بھارتی بحریہ کو شل کردیا۔ صرف چند میل کی دوری پر موجود بھارتی جنگی جہاز "میسور" اور "تلوار" نے مدد کی اپیل کا جواب دینے سے ہی انکار کردیا، بھارتی جنگی جہازوں نے جنگ کی باقی مدت خوف کے مارے بندرگاہوں میں کھڑے ہی گزاردی۔

بقیہ 56

افسر (ایس ایچ او) کے گھر پر حملہ کیا ہے، فائرنگ سے ایس ایچ او کے دو بھائی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ سے جاں بحق ہونے والا ایس ایچ او کا ایک بھائی بھی پولیس کانسٹیبل تھا، ایس ایچ او شفقت اللہ خان گھر پر نہ ہونے کی وجہ سے محفوظ رہے۔ ملزمان فائرنگ کے بعد فرار ہوگئے، حکام لاشیں سٹی ہسپتال لکی مروت ہسپتال منتقل کردی گئی جب کہ پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی طرف روانہ کردی گئی۔ نے ایس ایچ او کے گھر پر حملہ کردیا ہے۔ فائرنگ سے ایس ایچ او کے دو بھائی جاں بحق ہوگئے۔

بقیہ 57

سیف کا کہنا تھا کہ تاریخی لحاظ سے دیکھا جائے تو مولانا فضل الرحمان کسی کے ساتھ نہیں اپنے ساتھ ہوتے ہیں، وہ وہیں کھڑے ہوں گے جہاں اپنا فائدہ نظر آتا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اگر اپنی سوچ بدل چکے اور مفاد حکومت کے ساتھ ہونے میں نظر آرہا ہے تو انہیں مبارک، ان کی تحریک اس حد تک ہے خیبر پختونخوا سے تو خاتمہ ہو چکا ہے، کے پی میں مولانا فضل الرحمان کی اتنی سیٹیں ہیں کہ ساری اپوزیشن کو ملا کر بھی اسمبلی اجلاس نہیں بلا سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ مولانا کو کے پی کی گورنری اور سینیٹ کی دو سیٹوں پر نظر ہے تو شہباز شریف اور زرداری دے دیں گے، انہوں نے مؤقف اس لیے تبدیل کیا کہ ذاتی مفاد نظر آرہا ہے، مولانا فضل الرحمان اپنے خاندان سے باہر سیاست کو دیکھتے ہی نہیں۔ بیرسٹر سیف کا مزید کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان کا بھائی سینیٹر بنے گا یا ان کا داماد یا سمدھی گورنر بنے گا۔ ترجمان پختونخوا حکومت نے کہا کہ مولانا کی ہمیں نہ کل ضرورت تھی نہ آج ہے، الیکشن کمیشن پر اور 8 فروری الیکشن پر مولانا کے اعتراض پر ہم ساتھ تھے، انہوں نے اب اس نظام کو ہی قبول کرلیا ہے۔

بقیہ 58

لئے آگے بڑھیں، امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہو سکتا ہے، علم بردار نہیں۔ ہمارے فلسطینی بھائیوں کا خون بہہ رہا ہے، ہم فلسطینیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اس کے علاوہ ملکی صورتحال پر بات کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بلوچستان، خیبر پختونخوا میں حکومت کی رٹ ختم ہوچکی ہے، امن نہیں دے سکتے تو ٹیکس کس بات کا لیا جارہا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ یہ ملک ہمارا ہے، اس میں اسلام کی قدروں کو بلند ہونا ہوگا، اسلامی نظریاتی کونسل میں تمام مکاتب فکر کی نمائندگی موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 2018 کا الیکشن اور 2024 کے الیکشن کے نتائج دونوں دھاندلی زدہ ہیں، اب اہمیت اس عوامی اسمبلی کی ہے یہاں سے قوانین پاس ہوں گے۔

گھریلو ملازمہ ماں بیٹی پر مالکن کا ڈنڈوں سے تشدد، دونوں اسپتال منتقل

لاہور (اے ایف بی) لاہور کی ایک ہاؤسنگ سوسائٹی میں گھر کی مالکن کی جانب سے گھریلو ملازمہ ماں بیٹی پر تشدد کا دلخراش واقعہ سامنے آیا ہے۔ پولیس کے مطابق ایئر پورٹ کے قریب ہاؤسنگ سوسائٹی میں ایک خاتون کی جانب سے اپنے گھر میں کام کرنے والی ماں اور بیٹی پر مبینہ تشدد کیا گیا۔

نجی ایئر لائن کا طیارہ پرندہ ٹکرانے سے بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا

کراچی (اے ایف بی) کراچی سے اسلام آباد جانے والی نجی ایئرلائن کے طیارے سے پرندہ ٹکرا گیا جو حادثے سے بال بال بچ گیا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق پی اے 208 پرواز سے پرندہ ٹیک آف کے لئے رن وے پر دوڑتے ہوئے ٹکرایا، پرندہ ٹکراتے ہی کپتان نے ایمرجنسی بریک لگادی جس سے مسافروں کو جھٹکے لگے۔ ایئرلائن ذرائع نے مزید بتایا کہ طیارے کو کپتان واپس پارکنگ میں لے آیا، مسافروں کو طیارے سے اتار کر پرواز کو منسوخ کردیا گیا۔

نامعلوم افراد کا پولیس افسر کے گھر پر حملہ، ایس ایچ او کے 2 بھائی جاں بحق

لکی مروت (اے ایف بی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں نامعلوم افراد پولیس افسر کے گھر پر حملہ کردیا جس کے نتیجے میں افسر کے دو بھائی جاں بحق ہوگئے۔ خیبر پختونخوا پولیس نے بتایا کہ تھانہ لکی سٹی کی حدود ابا خیل میں نامعلوم افراد نے اسٹیشن ہاؤس افسر (ایس ایچ او) کے گھر پر حملہ کیا ہے، فائرنگ سے ایس ایچ او کے دو بھائی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ سے جاں بحق ہونے والا ایس ایچ او کا ایک بھائی بھی پولیس کانسٹیبل تھا، ایس ایچ او شفقت اللہ خان گھر پر نہ ہونے کی وجہ سے محفوظ رہے۔ ملزمان فائرنگ کے بعد فرار ہوگئے، حکام لاشیں سٹی ہسپتال لکی مروت ہسپتال منتقل کردی گئی جب کہ پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی طرف روانہ کردی گئی۔ نے ایس ایچ او کے گھر پر حملہ کردیا ہے۔ فائرنگ سے ایس ایچ او کے دو بھائی جاں بحق ہوگئیہ واضح رہے کہ گزشتہ روز لکی مروت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا، بنوں صدر تھانہ میں تعینات کانسٹیبل عبدالرحمٰن چھٹی کے بعد اپنے گھر جارہا تھا کہ ملزمان نے فائرنگ کردی تھی۔ فائرنگ سے شہید پولیس اہلکار کی نماز جنازہ پولیس لائن لکی مروت میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں پاک فوج اور پولیس کے افسران، جوانوں اور لواحقین نے شرکت کی تھی، شہید کو سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔

آپریشنل مسائل کے باعث 4 پروازیں منسوخ، 6 تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کے آپریشنل مسائل کے باعث کوئٹہ، لاہور اور کراچی کی 4 پروازیں منسوخ جبکہ 6 پروازیں تاخیر کا شکار ہیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کوئٹہ سے لاہور کی پی آئی اے کی پروازیں پی کے 322 اور 323 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ لاہور سے کراچی کی پی آئی اے کی پروازیں پی کے 304 اور 305 کو بھی منسوخ کر دیا گیا ہے۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق جدہ سے اسلام آباد کی پی آئی اے کی پرواز کی روانگی میں ڈھائی گھنٹے جبکہ اسلام آباد سے دبئی کی پی آئی اے کی پرواز کی روانگی میں 2 گھنٹے تاخیر کا شکار ہے۔

سربراہ پاک فضائیہ کی دورہ ترکیہ کے دوران ترک صدر اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں

ترک صدر جناب رجب طیب اردگان سے ملاقات کی۔ انقرہ آمد پر ترک صدر نے صدارتی کمپلیکس انقرہ میں ائیر چیف کا پرتپاک استقبال کیا

ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے دونوں ممالک کی یکساں اقدار اور باہمی شراکت داری کے عزم کو اجاگر کیا

سربراہ پاک فضائیہ، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو ترک کی صدر رجب طیب اردگان سے ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سربراہ پاک فضائیہ، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے ترکیہ کے حالیہ دورے کے دوران ترک صدر جناب رجب طیب اردگان سے ملاقات کی۔ انقرہ آمد پر ترک صدر نے صدارتی کمپلیکس انقرہ میں ائیر چیف کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات میں سربراہان نے دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے دونوں ممالک کی یکساں اقدار اور باہمی شراکت داری کے عزم کو اجاگر کیا جو پاکستان اور ترکیہ کے مابین لازوال بھائی چارے (بقیہ نمبر37)

اسلام آباد میں عالمی معیار کے جدید ڈیجیٹل بس ٹرمینل کی تعمیر کا فیصلہ

بس ٹرمینل سیکٹر آئی الیون 32 ایکڑ رقبے پر تعمیر کیا جائے گا، کمرشل ایریا، بسوں کی پارکنگ، ائیر کنڈیشنڈ ویٹنگ رومز اور مسجد بھی بنائی جائیگی

گاڑیوں کی چیکنگ کے لیے سمارٹ ڈیجیٹل انٹیلی جنس سسٹم، فٹنس ٹیسٹ کے بغیر کوئی بس ٹرمینل سے روانہ نہیں ہو سکے گی

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عالمی معیار کے مطابق جدید ڈیجیٹل بس ٹرمینل کی تعمیر کا فیصلہ۔ بس ٹرمینل سیکٹر آئی الیون میں 32 ایکڑ رقبے پر تعمیر کیا جائے گا، کمرشل ایریا، بسوں کی پارکنگ، ائیر کنڈیشنڈ ویٹنگ رومز اور مسجد بھی بنائی جائیگی، ہائی الرٹ سیکورٹی سسٹم نصب ہو گا، واک تھرو گیٹ کے بغیر انٹری نہیں ہوگی، سامان کی چیکنگ کے لیے سکینر مشینیں نصب ہوں گی، گاڑیوں کی چیکنگ کے لیے سمارٹ ڈیجیٹل انٹیلی جنس سسٹم، فٹنس ٹیسٹ کے بغیر کوئی بس ٹرمینل سے روانہ نہیں ہو سکے گی، پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے وقت کی پابندی لازمی ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک نے پبلک ٹرانسپورٹ (بقیہ نمبر 18)

بغیر لائسنس 171 ڈرائیوروں کے خلاف کارروائی

پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ و لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت کے مطابق پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، سی (بقیہ نمبر 19)

یوم بحریہ کے موقع پر پاکستان نیوی کی خصوصی وڈیو "ہر لحظہ تیار" جاری

کراچی (اے ایف بی) یوم بحریہ کے موقع پر پاکستان نیوی کی خصوصی وڈیو ہر لحظہ تیار جاری کردی گئی۔ خصوصی ویڈیو بحری سرحدوں اور ساحلوں کے دفاع سے جڑے ہر طرح کے چیلنجز اوران سے نبرد آزما ہونیکے لیے پاکستان بحریہ کی دفاعی صلاحیتوں اور تیاریوں کا اظہار ہے۔ اس ویڈیو میں پاکستان بحریہ کی پیشہ ورانہ قابلیت اور مادر وطن کی سمندری (بقیہ نمبر 20)

رحیم یار خان، موٹر وے ایم فائیو پر مسافر بس میں آتشزدگی

بس جل کر تباہ، آگ پر قابو پالیا گیا، بس میں 40 مسافر سوار تھے، مسافر محفوظ رہے ریسکیو حکام

رحیم یار خان (اے ایف بی) رحیم یار خان موٹر وے ایم فائیو پر مسافر بس میں آگ بھڑک اٹھی، مسافر محفوظ رہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اقبال آباد انٹرچینج کے کچھ (بقیہ نمبر 21)

چوری کی وارداتوں میں ملوث دو ملزمان گرفتار، مال مسروقہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو ملزمان گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، پیٹر انجن اور موبائل فون کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 3000 روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور دیگر چوری کی وارداتوں (بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی جلسے کے باعث راستے بند ہونے کی وجہ سے ایکسپریس ہائی وے کے درمیان میں بنی فٹ پاتھ سے گاڑیاں گزر رہی ہیں

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو رول ماڈل بنانے کیلئے تیز رفتار انقلابی اقدامات

منصوبہ کے تحت عوامی مشغولیت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک رسائی کی اختراعی خصوصیات کو بہتر بنایا گیا ہے

پروجیکٹ انتظامی عمل کو مضبوط بنانے پر توجہ، مالیاتی انتظام، فائل مینجمنٹ، اور حاضری کی نگرانی کو ڈیجیٹائز کرنے پر مرکوز

لاہور (این این آئی) محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے کہا ہے کہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو رول ماڈل بنانے کیلئے تیز رفتار انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، اس سلسلہ میں محکمہ بہبود آبادی کے ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کر کے ڈیش بورڈ کے مربوط نظام سے منسلک کر دیا گیا ہے تاکہ دستی نظام کو بہتر بنا کر ورک فلو میں تبدیلی لا کر مستقبل کیلئے بہتر اقدامات کا مظاہرہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت، احتساب اور کارکردگی کے ان اقدامات سے صوبے میں ڈیجیٹل گورننس کے ایک نئے دور کا آغاز ہو گیا ہے۔ پی آئی ٹی بی (بقیہ نمبر 54)

NOSHERWAN
ALI
ALI
SHAKIR
اسلام آباد، سیف سٹی اسلام آباد کے دورے کے موقع پر آئی جی سید علی ناصر رضوی افسران کو سکیورٹی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 55 کنکشن منقطع، 12 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 03 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے

لاہور (نمائندہ خصوصی) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کے جاری گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 55 کنکشن منقطع کر دیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 12 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 03 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے۔ ملتان میں 10 غیر قانونی کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 02 کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں 01 کنکشن منقطع کیا گیا اور 20 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ شیخوپورہ میں گیس چوری کے کیسز پر 2 لاکھ 90 ہزار روپے کا جرمانہ عائد ہوا۔ ساہیوال میں 02 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے۔ راولپنڈی میں 02 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 04 کنکشن منقطع کیے گئے۔ پشاور اور کرک میں 04 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے اور 2 لاکھ 76 ہزار روپے کا جرمانہ عائد ہوا۔ مردان میں ٹیم نے 10 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 4 لاکھ روپے کا جرمانہ لگایا۔ گوجرانوالہ میں 02 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 01 کنکشن منقطع کیا گیا اور 2 لاکھ 70 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔

مولانا کی ہمیں ضرورت نہیں، بھائی سینیٹر بنے گا یا انکا داماد یا سمدھی گورنر بنے گا

تاریخی لحاظ سے فضل الرحمان کسی کے ساتھ نہیں اپنے ساتھ ہوتے ہیں، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے مشیر برائے اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی ہمیں نہ کل ضرورت تھی نہ آج ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر (بقیہ نمبر 57)

نامعلوم افراد کا پولیس افسر کے گھر پر حملہ، ایس ایچ او کے 2 بھائی جاں بحق

لکی مروت (اے ایف بی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں نامعلوم افراد پولیس افسر کے گھر پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں افسر کے دو بھائی جاں بحق ہوگئے۔ (بقیہ نمبر 56)

پنجاب حکومت کا کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 میں ترمیم کا فیصلہ

ترمیم کے ذریعہ سیکرٹری داخلہ کو صوبہ، ڈپٹی کمشنرز کو ضلع میں دفعہ 144 کے نفاذ کا اختیار دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 میں ترمیم کا فیصلہ کر لیا، ترمیم کے ذریعہ سیکرٹری داخلہ کو صوبہ میں اور ڈپٹی کمشنرز کو ضلع میں دفعہ 144 کے نفاذ کا اختیار دیا جائے گا، سیکرٹری داخلہ 90 جبکہ ڈپٹی کمشنر ضلع میں تیس دن تک دفعہ 144 نفاذ کر سکے گا۔ بتایا گیا ہے کہ حکومت نے سیکرٹری داخلہ اور ڈپٹی کمشنرز کو دفعہ 144 کے اختیارات دینے کے لئے مسودہ قانون تیار کر لیا ہے جسے پنجاب اسمبلی سے منظور کرایا جائے گا۔

شہری انارکلی بازار میں سٹال پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

اعلان تقرری

DAILY IDEAL PAKISTAN
آئیڈیل پاکستان

روزنامہ آئیڈیل پاکستان کی طرف سے شیخ مراد علی کو کرائم رپورٹر راولپنڈی مقرر کیا گیا ہے۔ تمام سرکاری و غیر سرکاری اداروں کو مطلع کیا جاتا ہے۔ نیز خبروں، اشتہارات اور انٹرویوز کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

منجانب۔ ادارہ ہذا

تمام افسران و ملازمین اپنی بائیومیٹرک حاضری یقینی بنائیں

سیکرٹری اطلاعات و ڈی جی پی آر کی افسران و ملازمین کو بروقت آفس پہنچنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پنجاب و ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے تمام افسران و ملازمین کو بروقت آفس پہنچنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ تمام افسران و ملازمین اپنی بائیومیٹرک حاضری یقینی بنائیں۔ ڈیوٹی ٹائم کے بعد آفس آنے والے افسر یا ملازم کی غیر حاضری تصور ہو گی۔ تمام افسران ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ وزارت اطلاعات حکومت پنجاب کا چہرہ ہے۔ اس ادارے میں کسی قسم کی (بقیہ نمبر 49)

سائنس، آرٹس کی بحث ختم، اب ٹیکنالوجی کا دور ہے، وزیر تعلیم

آؤٹ آف سکول بچوں کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے لانگ ٹرم پلاننگ وضع کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سیکرٹری لٹریسی سید حیدر اقبال نے کہا ہے کہ عصر حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے لٹریسی اور سکولز کو جوڑ کر ایک نیا پروگرام تشکیل دے رہے ہیں، سائنس اور آرٹ کی بحث بہت ہو چکی، اب ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 50)

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سیکرٹری لٹریسی حیدر اقبال کے ہمراہ فارمل سکولوں کے بچوں کی بنائی گئی پینٹنگز دیکھ رہے ہیں

اسلام آباد؛ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 2 ساتھی ہلاک

پولیس ملزمان کو ساتھیوں کی نشاندہی اور برآمدگی کیلئے لیکر گئی، چھڑوانے کیلئے ساتھیوں نے فائرنگ کردی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے تھانہ شہزاد ٹاؤن میں پولیس کی زیر حراست 2 ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق پولیس دونوں ملزمان کو ساتھیوں کی نشاندہی اور برآمدگی کیلئے لیکر گئی تاہم ملزمان کو چھڑوانے کیلئے ساتھیوں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دونوں ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ پولیس اہلکار (بقیہ نمبر 2)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن منایا گیا

دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن اتوار کو منایا گیا۔ خواندگی کا عالمی دن اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسکو کے تحت ہر سال 8 ستمبر کو منایا جاتا ہے، اس دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے۔ یہ دن اس لیے منایا جاتا ہے تاکہ دنیا بھر کے کروڑوں مرد و خواتین (بقیہ نمبر 11)

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف وفاقی وزیر رانا تنویر سے ان کے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

موٹر سائیکل سوار باپ بیٹے کو کچلنے والا ٹرک ڈرائیور گرفتار

حادثہ میں باپ محمد ایاز جاں بحق جبکہ بیٹا حماد زخمی ہو گیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس کی کارروائی کے دوران تیز رفتاری اور غفلت و لاپرواہی سے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹے کو کچلنے والا ٹرک ڈرائیور گرفتار کر لیا گیا، حادثہ میں باپ محمد ایاز جاں بحق جبکہ بیٹا حماد زخمی ہو گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 12)

تھانہ شالیمار اور سمبل پولیس ٹیموں کی بروقت کارروائیاں

گمشدہ بچی اور بچے کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ شالیمار اور تھانہ سمبل پولیس ٹیموں کی بروقت کارروائیوں کے دوران گمشدہ بچی اور بچے کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا، بچوں کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، پی ٹی آئی کے جلسے باعث انتظامیہ نے کینٹنر لگا کر راستوں کو بلاک کر رکھا ہے

راولپنڈی، تاش پر جواء کھیلنے والے 4 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 300 روپے، 2 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 4 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 300 روپے، 2 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی، لیڈی منشیات سمگلر سمیت 4 ملزمان گرفتار

ملزمان میں تعلیمی اداروں میں منشیات سپلائی کرنے والا ملزم بھی شامل

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے لیڈی منشیات سمگلر سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 6 کلو کے قریب چرس برآمد کر لی، ملزمان میں (بقیہ نمبر 15)

ویلنشیاء لیڈیز کلب میں شجر کاری مہم میں شریک خواتین کا گروپ فوٹو

شہریوں کی شکایات کا ازالہ اولین ترجیح جسے یقینی بنایا جائیگا

ایس ایچ اوز شہریوں کی دادرسی کیلئے تھانہ جات میں اپنی موجودگی کو یقینی بنا، زونلز ایس پیز

اسلام آباد (این این آئی) زونلز ایس پیز نے کہا ہے کہ شہریوں کی شکایات کا ازالہ اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جائے گا، ایس ایچ اوز شہریوں کی دادرسی کیلئے (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم کی کارروائی

موبائل فون اور نقدی چھیننے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم نے اسلحہ کی نوک پر شہریوں سے موبائل فون اور نقدی چھیننے کی متعدد وارداتو ں میں مطلوب (بقیہ نمبر 17)

نئے نیب قانون کے تحت ریلیف کی پہلی درخواست 9 مئی کے مجرم نے دی

ریاست پر حملہ کرنے کے جرم کی کوئی معافی نہیں، جلسی کریں روئیں پیٹیں یا چیخیں سزا تو ملے گی، مریم اورنگزیب

کہتا ہے قانون چوروں کو بچانے کے لئے بنایا گیا ہے اور ''این آر او'' کی پہلی درخواست موصوف کی اپنی ہے، سینئر وزیر

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ریاست کے خلاف منصوبہ بندی کر کے حملہ کرنے کے جرم کی کوئی معافی نہیں، جلسی کریں روئیں پیٹیں یا چیخیں سزا تو ملے گی، نئے نیب قانون کے تحت ریلیف کی پہلی درخواست 9 مئی کے مجرم نے دی، کہتا ہے قانون چوروں کو بچانے کے لئے بنایا گیا ہے اور ''این آر او'' کی پہلی درخواست موصوف کی اپنی ہے۔ اپنے بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ این آر او بھی مانگتا ہے اور جلسی بھی کرتا ہے، جلسی 9 مئی اور ریاست کے خلاف منصوبہ سازی کے جرم سے بچنے کے لئے این آر او کی بھیک ہے۔ سوال ہے نیب قانون کو ''چوروں کا قانون'' کہنے والے نے خود سب سے پہلے ریلیف کی درخواست کیوں دی؟ گھڑی اور توشہ خانہ کا چور، 190 ملین (بقیہ نمبر 42)

8 ستمبر کا دن ہماری دفاعی تاریخ کا درخشاں باب ہے

ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں بحری، فضائی اور بری افواج کا کردار قابل تحسین ہے، یوم بحریہ پر پیغام

اسلام آباد (یو پی آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا یوم بحریہ پر پیغام 8 ستمبر کا دن ہماری دفاعی تاریخ کا درخشاں باب ہے، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پاک بحریہ کے 1965ء کی جنگ کے شہیدوں اور غازیوں کو خراج عقیدت۔ اسپیکر قومی اسمبلی 1965ء پاک بھارت جنگ کے دوران ملکی سمندری حدود کا شاندار دفاع کرنے پر پاک بحریہ کے افسروں اور جوانوں کو خراج تحسین۔ ہمیں اپنے سمندری حدود کے محافظوں کی بھرپور صلاحیتوں پر فخر ہے، سردار ایاز صادق ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں بحری، فضائی اور بری افواج کا کردار قابل تحسین ہے،

راولپنڈی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار کر کے چوری شدہ 2 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم تہذیب کو گرفتار کر لیا، ملزم سے چوری شدہ 02 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) دوبارہ شروع ہوگا

محکمہ کھیل کے سوالات کے جوابات، کچے کے علاقے کی صورتحال پر عام بحث ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج (پیر) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کئے گئے ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ کھیل سے متعلق سوالات اور توجہ دلاؤ نوٹسز کے جوابات دیئے جائیں گے۔ امن وامان خصوصاً کچے کے علاقے کی صورتحال اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کے (بقیہ نمبر 23)

نوشہرہ، ماں نے بچوں کو زہریلی گولیاں دے کر خودکشی کر لی

زہریلی گولیاں کھانے سے ماں اور 16 سالہ بیٹی جاں بحق ہوگئی

نوشہرہ (نامہ نگار) نوشہرہ میں ماں نے اپنے 3 بچوں کو زہریلی گولیاں کھلانے کے بعد خود بھی زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی۔ زہریلی گولیاں کھانے سے ماں اور 16 سالہ بیٹی جاں بحق ہوگئی جبکہ خاتون کے 2 بیٹوں کو اسپتال میں ڈاکٹروں نے بچالیا۔ پولیس کے مطابق اکبر پورہ کی رہائشی مہرالنسا نامی خاتون نے گھریلو ناچاقی پر پہلے اپنے 2 بیٹوں (بقیہ نمبر 24)

پروبیشنرز کی بحالی کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

سیمینار کے مہمان خصوصی محمد عدنان ڈپٹی ڈائریکٹر TEVTA جھنگ، قنطار احمد پرنسپل گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ جھنگ تھے

معمولی جرائم میں ملوث افراد کی بحالی کیلئے فنی تربیت دے کر معاشرے کا مفید شہری بنایا جا سکتا ہے، پروبیشن آفیسر اختر عباس کا سیمینار سے خطاب

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پنجاب پروبیشن اینڈ پیرول سروس کی ہدایات پر پروبیشنرز کی بحالی کے حوالہ سے سیمینار کا انعقاد گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سٹیلائٹ ٹاؤن جھنگ میں کیا گیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی محمد عدنان ڈپٹی (بقیہ نمبر 25)

ماحولیاتی نگرانی کے پہلے سیٹلائٹ سے جڑے نظام نے کام شروع

ماحولیاتی قانون کی خلاف ورزی، دھوئیں کے اخراج پر چھاپوں کا آغاز

محکمہ ماحولیات نے ڈرون ٹیکنالوجی کی مدد سے 2 فیکٹریاں بند کرا دیں

اڑھائی لاکھ زندگیاں چھیننے والی سموگ کے خاتمے میں پنجاب کا ہر شہری مدد کرے

لاہور (این این آئی) جدید ٹیکنالوجی اور ڈرون سے پنجاب میں ماحولیاتی نگرانی کے پہلے سیٹلائٹ سے جڑے نظام نے کام شروع کر دیا۔ ترجمان کے مطابق ماحولیاتی قانون کی خلاف ورزی اور دھوئیں کے اخراج پر چھاپوں کا آغاز کر دیا گیا، محکمہ ماحولیات نے ڈرون ٹیکنالوجی کی مدد سے 2 فیکٹریاں بند کرا دیں۔ ڈرون کے ذریعے دھواں پھیلانے اور ماحولیاتی قانون پر عمل نہ کرنے والی فیکٹریوں کا سراغ لگایا گیا۔ شیخوپورہ روڈ گجرانوالہ (بقیہ نمبر 4)

یوم خواندگی کے موقع پر لٹریسی ڈیپارٹمنٹ پنجاب اور ٹیوٹا کے درمیان ماڈل ٹیک کے حوالے سے ایم او یو سائن کیا جا رہا ہے

اسرائیلی حملوں کو 11 ماہ مکمل، شہید فلسطینیوں کی تعداد 41 ہزار سے تجاوز کر گئی

غزہ (آئی آئی پی) غزہ سمیت دیگر مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اسرائیلی جارحیت کو 11 ماہ مکمل ہو چکے مگر امریکا اور اقوام متحدہ سمیت تمام بین الاقوامی قوتیں صیہونی ریاست کو حملے روکنے پر مجبور نہ کر سکیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق غزہ میں اسرائیلی حملوں کو 11 ماہ ہو گئے، جنگ کے نتیجے میں اسرائیلی فوج اب تک 41 ہزار فلسطینیوں کو شہید اور ایک لاکھ کے (بقیہ نمبر 5)

آپریشن سومناتھ‘ صرف چار منٹ میں بھارتی نیول بیس آگ کا ڈھیر ہو گیا

اسلام آباد (این این آئی) قیام پاکستان کے بعد سے ہی اس ملک خداداد کو بھارت جیسے جنونی دشمن سے نبرد آزما ہونا پڑا، ستمبر 1965 کی ایک تاریک رات میں بھارتی افواج نے پاکستان پر شب خون مارنے کی مذموم کوشش کی اور جنگ کا نیا محاذ کھول دیا۔ پاکستان (بقیہ نمبر 55)

خواندگی کے عالمی دن پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پیغام

تعلیم بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے۔ اسپیکر تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے

پاکستان کی پارلیمان نے ملک میں خواندگی کی شرح میں فروغ کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (یو پی آئی) خواندگی کے عالمی دن پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پیغام۔ تعلیم بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے۔ اسپیکر تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، سردار ایاز صادق پاکستان کی پارلیمان نے ملک میں خواندگی کی شرح میں فروغ کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں۔ اسپیکر آئین پاکستان کے تحت 5 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کو مفت تعلیم تک رسائی حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہے۔ اسپیکر موجودہ حکومت ملک میں شرح خواندگی میں اضافے کے لیے خصوصی اقدامات اٹھا رہی (بقیہ نمبر 6)

پی ٹی آئی کے جلسے کے پیش نظر میٹرو بس سروس بند

اسلام آباد ایکسپریس وے مختلف مقامات پر بند، شہریوں کو مشکلات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے سنگجانی میں پی ٹی آئی کے جلسے کے پیش نظر میٹرو بس سروس مکمل بند کر دی گئی۔ میٹرو بس انتظامیہ کے مطابق میٹرو بس سروس راولپنڈی صدر اسٹیشن سے پاک سیکریٹریٹ تک بند کی گئی ہے۔ پی ٹی آئی کے جلسے کے پیش نظر راولپنڈی اسلام آباد میں سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے۔ راولپنڈی کی مرکزی شاہراہ فیض آباد (بقیہ نمبر 7)

ایف بی آر کا آئرس سسٹم اپنی پوری استعداد سے کام نہیں کر رہا' لاہور ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کا آئرس سسٹم اپنی پوری استعداد سے کام نہیں کر رہا جس کی وجہ سے ٹیکس دہندگان اور ٹیکس پریکٹیشنرز ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں، ایس آر او 350 اور فنانس ایکٹ 2024 کو سسٹم کے ساتھ درست طریقے سے لنک نہیں کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، نائب صدر انیب اختر انصاری، جنرل سیکرٹری میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے ''انکم ٹیکس گوشوارہ 2024 کے مسائل'' کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 9)

دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کیس 11 ستمبر کو سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں چار رکنی بینچ کیس کی سماعت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کیس 11 ستمبر کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں چار رکنی بینچ کیس کی سماعت کرے گا، جسٹس عرفان سعادت، جسٹس نعیم اختر، جسٹس شاہد بلال بینچ میں شامل ہیں۔ اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب، چیئرمین این ایچ اے، چیئرمین (بقیہ نمبر 8)

چوہدری شجاعت حسین سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کیلئے متحرک

سربراہ ق لیگ کی سیاسی جماعتوں کے سربراہوں، اراکین پارلیمنٹ، سینئر صحافیوں و حکومتی شخصیات سے ملاقاتیں، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

سیاستدان ذاتی مفادات و تعصبات کو ترک کر کے قومی مفادات کو ترجیح دیں، قومی رہنماؤں کو سیاسی، معاشی استحکام کیلئے آگے آنا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کیلئے متحرک ہوگئے۔ اس حوالے سے چوہدری شجاعت حسین نے اسلام آباد میں سیاسی جماعتوں کے سربراہوں، اراکین پارلیمنٹ، سینئر صحافیوں اور حکومتی شخصیات سے اہم ملاقاتیں کیں۔ سربراہ مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین سے سابق صدر وسیم سجاد، مشاہد حسین سید، محمد علی درانی سمیت اراکین پارلیمنٹ نے ملاقاتیں کیں، سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، پارٹی ترجمان مصطفیٰ ملک بھی اس موقع پر

صوبے میں ڈینگی کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا، 27 کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) صوبے میں ڈینگی کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ میں ڈینگی کے 27 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی سے 19، لاہور، چکوال سے 2،2، بہاولپور، ملتان، مظفرگڑھ اور منڈی بہاؤالدین سے ڈینگی کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا۔ ترجمان کے مطابق ایک ہفتہ میں 81 کیسز جبکہ رواں سال اب تک ڈینگی (بقیہ نمبر 10)

سپین کے سفیر ناصر باغ میں پی ایچ اے کی آرٹ گیلری میں لگائی گئی نمائش کا جائزہ لے رہے ہیں

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351